★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 306 بروز پیر 3 اگست 2026ء 18 صفر 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن آج اہم پریس کانفرنس کرینگے، اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ صوبائی ذمہ داران کے ہمراہ کل سوموار 3 اگست شام 5 بجے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ الفلاح ہاوس انسکامبی روڈ کوئٹہ اہم پریس کانفرنس کرینگے۔

خاران میں تھانے پر حملے کی اطلاع کے بعد بلوچستان بھر میں پولیس کو ہائی الرٹ کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) خاران میں تھانے پر حملے کی اطلاع کے بعد بلوچستان بھر میں پولیس کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے اور تمام آفیسران اور اہلکاروں کو فوری طور پر اپنی جائے تعیناتی پر پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اور تمام اہلکاروں کو اسلحہ سمیت ہمہ وقت تیار رہنے کے لئے ہدایات دیتے ہوئے غیر ضروری نقل وحرکت سے گریز کرنے کی انتہائی کی گئی ہے۔

ہر طرف شہر دھاڑ رہا ہے اور شیر کی فتح ہے: حنیف عباسی

راولپنڈی (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف، پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کو انتخابی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ محمد نواز شریف کی قیادت میں عوام نے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ٹرمپ کا ویک اینڈ پر ایران پر حملہ منسوخ کرنے کا اعلان

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ٹرمپ نے ویک اینڈ پر ایران پر حملہ منسوخ کرنے کا اعلان کر دیا۔ سوشل میڈیا پر ایک بیان میں کہا کہ ایران اور خطے کے دیگر ممالک کی درخواست پر حملہ موخر کیا، حملے کی منسوخی فوری معاہدے سے مشروط ہو گی۔ ان کا کہنا تھا کہ جلد (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

مقامی فن اور فنکاروں کی حوصلہ افزائی حکومت کی ذمہ داری ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گانوں کے ذریعے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرنے والے نصیر آباد سے تعلق رکھنے والے معروف لوک گلوکار گل میر جمالی کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کر کے ان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران گل میر جمالی نے وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

آزاد کشمیر کے دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں بعض مقامات پر نتائج کی ترسیل میں تاخیر فطری ہے، لطیف اکبر کے حلقے میں پیش آنے والا واقعہ ان کا خاندانی تنازعہ تھا، سینیٹر رانا ثناء اللہ

کسی کو شکایت ہے تو الیکشن کمیشن سے رجوع کرے، ن لیگ نے آزاد کشمیر میں دھاندلی کا الزام مسترد کر دیا

مشتاق شاہ کا واقعہ دو گروپوں کے درمیان مقامی تنازع تھا اور تحقیقات مکمل ہونے سے قبل ان کی وفات کو قتل قرار دینا مناسب نہیں، انجینئر امیر مقام، مرتضیٰ جاوید عباسی، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر انتخابات کا دوسرا مرحلہ مجموعی طور پر پرامن انداز میں مکمل ہوا، جبکہ انتخابی عمل میں دھاندلی کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر کسی کو اعتراض ہے تو وہ شواہد الیکشن کمیشن کے سامنے پیش کرے، آزاد کشمیر کے دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں بعض مقامات پر نتائج کی ترسیل میں تاخیر فطری ہے، لطیف اکبر کے حلقے میں پیش آنے والا واقعہ ان کا خاندانی تنازعہ تھا مشتاق شاہ کا واقعہ دو گروپوں کے درمیان مقامی تنازع تھا اور تحقیقات مکمل ہونے سے قبل ان کی وفات کو قتل قرار دینا مناسب نہیں، وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام اور سینیٹر مرتضیٰ جاوید عباسی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثناء (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

شہداء کی قربانیاں قوم کا عظیم سرمایہ ہیں اور ان کے اہل خانہ کی عزت، کفالت اور بحالی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی بات چیت

حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھی جائے گی حکومت نے مشکل وقت میں ان کے خاندان کا سہارا بن کر نہ صرف وعدہ پورا کیا

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شہداء کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے عزم کا اعادہ

پیپلز پارٹی ہرنائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری شہید ملک شینگل کے خاندان سے کیے گئے وعدے کو عملی جامہ پہنا دیا شہید کے فرزند جنید خان اور بھائی ملک اجمل خان کو محکمہ زراعت میں تعیناتی کے احکامات جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی ہرنائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری شہید ملک شینگل کے خاندان سے کیے گئے وعدے کو عملی جامہ پہنا دیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید ملک شینگل کے فرزند جنید خان اور بھائی ملک اجمل خان کو محکمہ زراعت میں تعیناتی کے احکامات جاری کرتے ہوئے تقرری کے آرڈرز ان کے حوالے کر دیے اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان پیپلز پارٹی ہرنائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری شہید ملک شینگل کے فرزند جنید خان اور بھائی ملک اجمل خان کو تعیناتی کے آرڈرز حوالے کر رہے ہیں

آزاد کشمیر میں پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے: خواجہ آصف

تحریک انصاف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کا بائیکاٹ کیا ہے، بات چیت

سیالکوٹ (نیوز ایجنسیاں) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر انتخابات میں پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، کہیں کہیں نظر آ رہا تھا کہ دونوں پارٹیوں کی مشترکہ کاوش ہے۔ سیالکوٹ میں میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ پچھلے 55 سال سے کشمیر کیا انتخابات دیکھ رہا ہوں، اس دفعہ شہر کے اندر ٹرن آؤٹ زیادہ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

خاران کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے شہر میں داخل ہو کر تھانے پر حملہ کر دیا اور آگ لگا دی

کوئٹہ (آن لائن) خاران کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے شہر میں داخل ہو کر تھانے پر حملہ کر دیا اور آگ لگا دی جس سے ریکارڈ جل گیا عملے کو یرغمال بنا لیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز نے شہر کے داخلی اور خارجی را (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ڈی جی آئی ایس پی آر کی سمر انٹرن شپ 2026 میں طلبہ کیساتھ خصوصی نشست

قومی سلامتی، دہشتگردی اور سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر تفصیلی گفتگو

راولپنڈی (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر کی سمر انٹرن شپ 2026 میں طلبہ و طالبات کیساتھ خصوصی نشست میں قومی سلامتی، دہشتگردی اور سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر تفصیلی گفتگو۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خصوصی سیشن کے دوران طلبہ کے سوالات کے مدلل اور مفصل جوابات دیئے۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کوئٹہ، سیٹلائٹ ٹاؤن سی جی ایس کالونی میں نامعلوم افراد نے نوجوان کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن سی جی ایس کالونی میں نامعلوم افراد نے نوجوان کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز سیٹلائٹ ٹاؤن میں سی جی ایس کالونی میں رہائش پذیر نوجوان کو نامعلوم افراد نے قتل کر دیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

پاک امریکہ اقتصادی تعاون میں نئی پیش رفت، امریکی وفد کا کراچی میں سرمایہ کاری مواقع کا جائزہ

تاجر رہنماؤں سے بن قاسم انڈسٹریل پارک، کراچی انڈسٹریل پارک اور دیگر منصوبوں میں سرمایہ کاری پر گفتگو

سرمایہ کاروں کے اعتماد، پالیسی تسلسل اور کاروبار آسان بنانے کیلئے ایس آئی ایف سی کے کردار کو سراہا

کراچی (آن لائن) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی معاونت سے اعلیٰ سطحی امریکی کاروباری وفد نے کراچی کا دو روزہ دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوسرے دن وفد نے صوبائی وزرا سے ملاقات کی اور اہم سرمایہ کاری مواقع کا جائزہ لیا۔ ملاقات میں بن قاسم انڈسٹریل پارک، کراچی انڈسٹریل پارک اور دیگر منصوبوں میں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما راجہ پرویز اشرف ملاقات کر رہے ہیں

مسلم لیگ (ن) ہر حد پار کر گئی قائم مقام صدر آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر پر حملہ، حلقے میں پیپلز پارٹی کارکن قتل

ہمارے ووٹرز سے لے کر صدر ریاست تک پر حملے ہو رہے ہیں، بلاول بھٹو

یاسر شاہ، احمد شاہ اور فواد شاہ نے چوہدری لطیف اکبر پر حملہ کیا، ادارہ جاتی ردعمل ناگزیر ہے، پیپلز پارٹی کا کارروائی کا مطالبہ

آزاد جموں و کشمیر کے سب سے سینئر سیاست دان چوہدری لطیف اکبر پر حملہ کر کے رواداری کی سیاست کو دفن کر دیا گیا ہے

مظفر آباد (آن لائن) قائم مقام صدر آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر پر حملہ کیا گیا جبکہ پیپلز پارٹی نے الیکشن کمیشن کو ہنگامی شکایت کرتے ہوئے فوری کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کر دیا۔ پیپلز پارٹی کے مطابق پولنگ کے روز انتخابی عمل کے دوران قائم مقام صدر آزاد کشمیر اور پارٹی امیدوار چوہدری لطیف اکبر پر جسمانی حملہ کیا گیا، جو نہ صرف انتخابی عمل بلکہ ریاست کے آئینی وقار پر بھی حملہ ہے۔ پیپلز پارٹی کے مطابق یاسر شاہ، احمد شاہ اور فواد شاہ نے چوہدری لطیف اکبر پر حملہ کیا۔ پارٹی کا کہنا ہے کہ قائم مقام صدر پر حملہ محض ایک انتخابی بے ضابطگ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لوک گلوکار گل میر جمالی ملاقات کر رہے ہیں

مہاجرین کشمیر کی نشستیں کوئی ختم نہیں کر سکتا یہ مطالبہ درست نہیں، پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

کشمیریوں کی آواز ختم کرنے والوں کو کامیاب نہیں ہونے دینگے، دانیال چودھری

راولپنڈی میں پرامن انتخابات ہو رہے ہیں، اگر مہاجرین کشمیر کی کوئی آواز ہے تو وہ مسلم لیگ ن ہے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات دانیال چودھری نے کہا ہے کہ راولپنڈی میں پرامن انتخابات ہو رہے ہیں، اگر مہاجرین کشمیر کی کوئی آواز ہے تو وہ مسلم لیگ ن ہے۔ مہاجرین کشمیر کی نشستیں کوئی ختم نہیں کر سکتا یہ مطالبہ درست نہیں۔ راولپنڈی میں مہاجر (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

گنداخہ: پولیس تھانہ اوستا محمد صدر میں کھلی کچہری کا انعقاد، عوام کے مسائل سنے گئے

وزیر داخلہ کا نادرا سینٹر شملہ پہاڑی کا دورہ، سہولتیں دیکھ کر خوشی کا اظہار

چیئرمین نادرا اور ان کی ٹیم کی محنت اور کارکردگی قابل ستائش ہے، محسن نقوی

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے 24/7 نادرا سینٹر شملہ پہاڑی کا دورہ کیا اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ نے شہریوں کے لیے بہترین سہولتیں دیکھ کر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے شناختی کارڈز اور دیگر دستاو (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

گنداواہ، ڈکیتی میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار

جھل مگسی (آن لائن) گنداواہ پولیس نے گنداواہ شہر میں 29 جولائی کو نریش کمار کی دکان پر ہونے والی مسلح ڈکیتی کا کامیاب سراغ لگاتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ لوٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

وزیر اعظم کی ہدایت پر روزانہ کی بنیاد پر جاری ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا دسواں اجلاس

این ڈی ایم اے ہیڈ کوارٹرز کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) میں منعقد ہوا

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعظم کی ہدایت پر روزانہ کی بنیاد پر جاری ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا دسواں اجلاس این ڈی ایم اے ہیڈ کوارٹرز کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) میں منعقد ہوا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

بلاول نے آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے میں بھی دھاندلی کا الزام عائد کر دیا

مظفر آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے میں بھی دھاندلی کا الزام عائد کر دیا۔ بلا (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

دہشتگرد سوشل میڈیا پر گمراہ کن پروپیگنڈا کے لیے جعلی تصاویر اور ویڈیوز بنانا چاہتے تھے، فائرنگ اور شیلنگ سے بچوں سمیت 5 افراد زخمی، ذرائع

خاران، دہشتگردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام، سیکیورٹی فورسز کے موثر ردعمل پر فرار

اپنے مذموم عزائم میں ناکامی پر معصوم شہریوں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا فتنہ الہندوستان کی بوکھلاہٹ اور اخلاقی دیوالیہ پن کی علامت ہے

خاران (آن لائن) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیوں کے باعث فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد سوشل میڈیا پر گمراہ کن پروپیگنڈا کرنے تک محدود ہو چکے ہیں، ذرائع کے مطابق خاران میں دہشتگردوں نے پروپیگنڈا مواد تیار کرنے کے لیے دراندازی کی کوشش کی تاہم سیکیورٹی فورسز کے موثر ردعمل کے باعث انہیں فرار ہونا پڑا۔ ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشتگرد مختلف مقامات پر سافٹ ٹا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

جیتنے والوں کو جیتنے دیا اور ہارنے والوں کو مسلط نہ کیا جائے تو مسائل حل ہو جائیں گے، حافظ نعیم الرحمن

نمائندگی کی بنیاد پر انتخابات، سیاسی قیدیوں کی رہائی اور فوج سمیت تمام حکمران طبقہ اپنی غیر ضروری مراعات سے دستبردار ہو

کراچی (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ محسن نقوی نے موجودہ نظام کی ناکامی کا اعتراف کر کے تسلیم کیا ہے کہ فارم 47 کے ذریعے مسلط ہونے اور کرنے والے دونوں ناکام ہو چکے ہیں، ہمارا واضح اور دوٹوک موقف ہے کہ جیتنے والوں کو جیتنے اور ہارنے والوں کو مسلط نہ کیا جائے مسائل حل ہو جائیں گے، سب اپنی اپنی آئینی پوزیشن پر چلے جائیں سسٹم خود بخود ٹھیک ہو جائے گا۔ ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب معاملات قابو سے باہر ہوتے ہیں تو اسی طرح کی باتیں سامنے لائی جاتی ہیں جن سے لوگ آپس میں الجھیں، لسانی بنیادوں پر بحث کریں اور اصل معاملہ پیچھے چلا جائے، (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کا سعودی، ترک وزرائے خارجہ اور فیلڈ مارشل سے ٹیلیفونک رابطہ

تہران (آن لائن) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کسی بھی ایڈونچر سے باز رہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی اور ترک وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ اس موقع پر عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دینے کے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

غزہ میں طویل ریسکیو آپریشن کے بعد ایک ہی خاندان کی 112 نعشیں ملبے سے برآمد

اسرائیلی حملے میں مکمل طور پر تباہ ہو گئی تھی 40 بچے 38 خواتین اور 7 معذور افراد بھی شامل ہیں شہری دفاع

غزہ (آن لائن) غزہ کی شہری دفاعی ایجنسی نے دعویٰ کیا ہے کہ جنوبی علاقے صبرہ میں ایک طویل امدادی کارروائی کے بعد ایک ہی خاندان سے تعلق رکھنے والے 112 (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ولی تنگی کے قریب نوجوان ہلاک، علاقہ مکینوں کا احتجاجی دھرنا

شناخت ریاض احمد کے نام سے کی گئی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) ہنہ اوڑک کے علاقے ولی تنگی کے قریب نوجوان ہلاک ہو گیا علاقہ مکینوں نے واقعہ کے خلاف ہنہ تھانے کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے دھرنا (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

براڈ پیک پر سرچ اینڈ ریکوری آپریشن جاری، تین کوہ پیماؤں کی لاشیں نکال لی گئیں

سکردو (آن لائن) براڈ پیک پر سرچ اینڈ ریکوری آپریشن جاری ہے اور تین کوہ پیماؤں کی لاشیں نکال لی گئی ہیں جبکہ ریسکیو ٹیم کا کہنا ہے کہ انتہائی دشوار گزار راستے اور خراب (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

راولپنڈی: جشن آزادی کی آمد، سکستھ روڈ پر ایک اسٹال پر پاکستانی پرچم آویزاں ہیں

سوات میں تھانہ کبل کے نزدیک دھماکہ، 9 افراد شہید، 18 زخمی

دھماکہ تھانے کے گیٹ کے نزدیک ہوا ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکہ خودکش ہے

بم ڈسپوزل اسکواڈ دھماکے کی نوعیت کا پتہ لگا رہی ہے، خودکش حملہ آور کا سر مل گیا ہے

سوات (آن لائن) ضلع سوات کے تھانے کبل کے مرکزی دروازے کے سامنے فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں نے خودکش حملہ کیا ہے۔ جس میں پولیس اہلکار اور سویلین سمیت 9 افراد شہید اور 18 زخمی ہوئے ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکہ خودکش حملہ تھا جس سے تھانے کے دروازے کو جزوی نقصان بھی پہنچا ہے۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ دھماکے کی نوعیت معلوم (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ہنگو حملے کے سرغنہ خوارجی معاویہ کی ہلاکت، وفاقی وزیر محسن نقوی کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر داخلہ

امن کیلئے سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، وفاقی وزیر محسن نقوی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ خزینہ باندہ پر حملے کے سرغنہ خوارجی معاویہ کو ہلاک کرنے اور خیبر پختونخوا میں آپریشن '11 گرج' کے دوران متعدد خوارجیوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ محسن نقوی نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جرات اور بروقت کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بہادر جوانوں نے بروقت کار (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

جمہوری عمل میں تشدد، اسلحے اور گولی کی سیاست کسی صورت قابل قبول نہیں، شازیہ مری

اسلام آباد (آن لائن) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے رکن قومی اسمبلی صلاح الدین جونیجو پر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

بھارت کی بدترین خارجہ پالیسی، عالمی پابندیوں کے باوجود روس سے روابط مودی کیلئے نیا امتحان

واشنگٹن، نئی دہلی (آن لائن) بھارت کی بدترین خارجہ پالیسی، عالمی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

چاغی بازار میں اندھی گولی لگنے سے ایک شخص شدید زخمی

چاغی (آن لائن) چاغی بازار میں ناصر میڈیکل کے سامنے اندھی گولی لگنے سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی کی شناخت ڈاکٹر جنید خان محمد حسنی کے نام سے ہوئی ہے، جنہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

افغان طالبان کیخلاف مسلح مزاحمت تیز، رجیم کیا افغانستان پر کنٹرول کے دعوے جھوٹے ثابت

سپاہیان میہن نے ضلع بختل سفلی کے مرکز پر حملہ کیا اور کئی گھنٹے ضلعی مرکز پر قبضہ برقرار رکھا، امریکی تھنک ٹینک

کابل (آن لائن) افغان طالبان کیخلاف مسلح مزاحمت تیز ہو گئی ہے اور رجیم کیا افغانستان پر کنٹرول کے دعوے جھوٹے ثابت ہو رہے ہیں۔ امریکی تھنک ٹینک کا کہنا ہے کہ طالبان مخالف گروہ سپاہیان میہن نے ضلع بختل سفلی کے مرکز پر حملہ کیا اور کئی گھنٹے ضلعی مرکز پر قبضہ برقرار رکھا۔ افغانستان میں طالبان مخالف مسلح گروہوں کے تابڑ توڑ حملوں اور اندرونی اختلافات نے رجیم کے کنٹرول کے دعوؤں کی قلعی کھول دی۔ امریکی تھنک ٹینک لانگ وار جرنل نے افغان طالبان کیخلاف مزاحمتی گروہوں کی حالیہ کارروائیوں کی تفصیلات سامنے لے آیا۔ گزشتہ دو ہفتوں (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر سفر کرنا ناممکن ہو کر رہ گیا ہے، ایچ ڈی پی

امن و امان کی خراب صورتحال مسلط کردہ جعلی صوبائی حکومت کی نااہلی کے باعث ہے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں صوبے بھر میں امن و امان کی خراب صورتحال کو مسلط کردہ جعلی صوبائی حکومت کا نااہلی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کا چیئرمین کشمیر میں فارم 47 کے خلاف باتیں کرتا ہے جبکہ اسے اچھی طرح معلوم ہے کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی اور ن لیگ دونوں جماعتیں فارم 47 کی ہی پیداوار ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ اس جعلی مسلط حکومت نے صوبے بھر میں اپنی نااہلی کی وجہ سے جنگی ماحول پیدا کر رکھا ہے جہاں قومی شاہراہوں پر سفر کرنا ناممکن ہو کر رہ گیا ہے اور صوبے کے مختلف اضلاع میں امن و امان (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

بلوچستان کے مسئلے کا واحد حل عوامی مینڈیٹ کا احترام اور شفاف انتخابات ہیں، مولانا عبدالواسع

ہائبرڈ نظام ناکام، بلوچستان میں اعتماد سازی کے لیے آئین کے مطابق سیاسی حل ناگزیر، امیر جے یو آئی بلوچستان

اب وقت آ گیا ہے کہ جمہوری اقدار، آئین کی بالادستی اور عوامی اختیار پر زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان مسئلہ اب اس نہج پر پہنچ چکا ہے کہ جن نکات پر دس سال پہلے سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج ان پر گفتگو بھی مشکل ہو چکی ہے، اور جن امور پر آج بات کی جا سکتی ہے بعد شاید ان پر بھی بات کرنا ممکن نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے کی سنگینی کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ اس قومی مسئلے پر ہمیشہ سرد مہری، غیر سنجیدگی اور وقتی مفادا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

سورینج کان حادثہ، بلوچستان حکومت نے تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دیدی

سورینج میں کان حادثے کے بعد 2 متاثرہ کوئلہ کانوں سمیت مجموعی طور پر 4 کوئلہ کانوں کو سیل کر کے تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دیدی گئی

سی ایم آئی ٹی واقعہ کی تحقیقات کرے گی انکوائری میں حادثے کی اصل وجہ، متعلقہ حکام کی کارکردگی اور ذمہ داروں کا تعین کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے علاقے سورینج میں کان حادثے کے بعد 2 متاثرہ کوئلہ کانوں سمیت مجموعی طور پر 4 کوئلہ کانوں کو سیل کر کے تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی گئی محکمہ معدنیات کی بھی نگرانی سطح پر واقعہ کی تحقیقات کرانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ بلوچستان حکومت کا واقعہ کی تحقیقات چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) سے کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ کی سی ایم آئی ٹی کو موقع پر جا کر واقعہ تحقیقات کرنے کی مد (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

صوبے میں امن کا قیام

رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار امن، عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، بجلی اور سڑکوں کے شعبوں میں نمایاں بہتری لانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں اپنے ایک بیان میں شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر مؤثر انداز میں اجاگر کریں اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو فروغ دیا ہے اور ترقی کا سفر بھی اسی ماحول میں ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور بدامنی کے ذریعے بلوچستان کے ترقیاتی عمل کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی۔ حکومت، عوام اور سیکیورٹی ادارے ایک صفحے پر ہیں اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے مشترکہ اقدامات جاری ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ باصلاحیت نوجوان ہی بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انہیں قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے متعدد منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں پر زور دیا کہ عوامی شکایات کے ازالے، ترقیاتی منصوبوں کی شفاف تکمیل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور ان کا ریاستی اداروں پر اعتماد مزید مضبوط ہو۔

بقیہ 01

اللہ نے کہا کہ 95 سے 96 فیصد پولنگ اسٹیشنز پر پولنگ مکمل ہو چکی ہے جبکہ ووٹوں کی گنتی کا عمل جاری ہے۔ ان کے مطابق آزاد کشمیر اور مہاجرین کی نشستوں پر انتخابات مجموعی طور پر پرامن رہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ایک سیاسی جماعت نے پولنگ مکمل ہونے سے پہلے ہی دھاندلی کے الزامات لگانا شروع کر دیے تھے، حالانکہ انتخابی عمل مکمل ہونے اور نتائج سامنے آنے کا انتظار کرنا چاہیے تھا۔ رانا ثناء اللہ نے دعویٰ کیا کہ میرپور میں انتخابات کے روز کسی قسم کی دھاندلی نہیں ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلے مرحلے میں جب نتائج واضح نہیں تھے تو سب کچھ ٹھیک قرار دیا جا رہا تھا، لیکن شکست نظر آنے کے بعد دھاندلی کا شور شروع کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دھاندلی کے الزامات بنیادی طور پر زیادہ ٹرن آؤٹ کی بنیاد پر لگائے جا رہے ہیں، حالانکہ آزاد کشمیر کے دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں بعض مقامات پر نتائج کی ترسیل میں تاخیر فطری ہے۔ رانا ثناء اللہ کے مطابق یہ آزاد کشمیر کی تاریخ کے پرامن ترین انتخابات میں سے ایک ہیں۔ صبح سے شام تک مخالفین کی جانب سے دھاندلی کا کوئی الزام سامنے نہیں آیا، تاہم گنتی شروع ہونے اور نتائج سامنے آنے کے بعد الزامات عائد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدا میں 13 نشستوں پر دھاندلی کا دعویٰ کیا گیا، بعد میں یہ تعداد 4 اور پھر صرف 2 نشستوں تک رہ گئی۔ ان کے مطابق اگر دھاندلی کے شواہد موجود ہیں تو انہیں الیکشن کمیشن کے سامنے پیش کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پہاڑی علاقوں میں ایک ہی خاندان یا گاؤں کے بیشتر ووٹرز کا ووٹ ڈالنا معمول کی بات ہے اور بعض دیہات میں ایک ہی خاندان یا برادری کے 99 فیصد تک ووٹ کاسٹ ہونا بھی غیر معمولی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ 90 فیصد سے زائد ٹرن آؤٹ کو محض دھاندلی قرار دینا حقائق کے منافی ہے۔ جن پولنگ اسٹیشنز پر اعتراض کیا گیا، وہاں مخالف امیدواروں کے علاقوں میں بھی 96 سے 99 فیصد تک پولنگ ہوئی۔ رانا ثناء اللہ کا مزید کہنا تھا کہ نے کہا کہ پورے انتخابی دن صرف تین واقعات رپورٹ ہوئے اور کسی پولنگ اسٹیشن پر فائرنگ کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ بعض مقامات پر تلخ کلامی اور معمولی ہاتھا پائی ہوئی۔ انہوں نے پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے صدر لطیف اکبر کے پولنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے واقعے کو ذاتی خاندانی تنازع قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے انتخابی دھاندلی سے جوڑنا درست نہیں۔ مشتاق شاہ سے متعلق واقعے پر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ یہ دو گروپوں کے درمیان مقامی تنازع تھا اور تحقیقات مکمل ہونے سے قبل ان کی وفات کو قتل قرار دینا مناسب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے سے پہلے ہی قتل اور فائرنگ کے الزامات عائد کر دیے گئے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ انتظامیہ نے انتخابی عمل کو اسلحے سے پاک رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے اور انتخابات کے دوران کسی مقام پر فائرنگ نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ کسی شخص کی وفات کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ ان کے مطابق پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اتحادی ہیں، تاہم انہیں غلط معلومات فراہم کی جا رہی ہیں، اس لیے انہیں اپنے امیدواروں کی فراہم کردہ معلومات کی خود تصدیق کرنی چاہیے۔ رانا ثناء اللہ نے حلقہ ایل اے 31 کھاوڑہ کا ذکر کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ سندھ نمبر پلیٹ والی گاڑیاں وہاں موجود تھیں اور ان میں ایم این اے صلاح الدین جنیجو بھی موجود تھے۔ ان کے مطابق ایک مقام پر صلاح الدین جنیجو کے گارڈز نے فائرنگ کی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ سندھ سے آ کر کھاوڑہ میں موجودگی کی وجہ کیا تھی اور کہا کہ بلاول بھٹو اس بارے میں ان سے پوچھیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے قومی و صوبائی اسمبلی کے ارکان کو سختی سے ہدایت کی گئی تھی کہ وہ پولنگ اسٹیشنز پر نہ جائیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا کام الزامات لگانا اور میڈیا کو مصروف رکھنا ہے اور انتخابی عمل کے بارے میں عجیب و غریب الزامات عائد کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر حکومت نہیں بلکہ قانون کے مطابق اپنے آئینی دائرہ اختیار میں کام کرتے ہیں، جبکہ الیکشن کمیشن کا احترام سب پر لازم ہے اور انتخابی تنازعات پر فیصلہ بھی وہی کرے گا۔ امیر مقام نے کہا کہ اگر کسی کو شکایت ہے تو متعلقہ فورم سے رجوع کیا جائے، میڈیا ٹرائل مناسب نہیں۔ ان کے مطابق آزاد کشمیر حکومت، وزیراعظم اور صدر امن و امان کے ذمہ دار ہیں۔ نمونہ بیلٹ پیپر سے متعلق الزامات پر وفاقی وزیر نے وضاحت کی کہ نمونہ بیلٹ پیپر ووٹرز کی رہنمائی کے لیے دکھایا جاتا ہے تاکہ انہیں ووٹ ڈالنے کا طریقہ سمجھایا جا سکے، اسے اصل بیلٹ پیپر قرار دینا درست نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے مذاکرات میں ان کے تحفظات سنے گئے۔ ابتدا میں 13 نشستوں پر اعتراضات تھے، بعد میں تعداد 4 اور پھر 2 رہ گئی۔ ان کے مطابق تحفظات چند پولنگ اسٹیشنز پر زیادہ ٹرن آؤٹ سے متعلق تھے۔ امیر مقام نے کہا کہ زیادہ پولنگ صرف مخالف امیدواروں کے حلقوں میں نہیں ہوئی بلکہ مسلم لیگ ن کے پولنگ اسٹیشنز پر بھی زیادہ ٹرن آؤٹ ریکارڈ ہوا۔ چند پولنگ اسٹیشنز پر ری پولنگ سے مجموعی انتخابی نتائج تبدیل نہیں ہوں گے۔ اس موقع پر سینیٹر مرتضیٰ جاوید عباسی نے پریس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مظفرآباد شہر سے گڑھی دوپٹہ اور کوہالہ روڈ تک متعدد پولنگ اسٹیشنز کا دورہ کیا، تاہم صبح سے دوپہر تک کہیں بدامنی یا دھاندلی کی صورتحال نظر نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی اوقات میں ٹرن آؤٹ کم تھا، تاہم صبح 10 بجے کے بعد ووٹرز کی آمد میں اضافہ ہوا۔ مرتضیٰ جاوید عباسی نے پیپلز پارٹی کی جانب سے دھاندلی کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ دوپہر ایک بجے کے بعد شکست کا احساس ہونے پر بعض مقامات پر پیپلز پارٹی کارکنوں نے ہنگامہ آرائی کی۔ ان کے مطابق ایل اے 28 گجرات میں انتخابی عمل متاثر کرنے کی کوشش کی گئی اور سڑکوں پر درخت گرا کر پولنگ عملے کی نقل و حرکت روکنے کی کوشش ہوئی۔ انہوں نے راجہ ثاقب مجید اور نورین عارف کے حلقوں میں بھی راستے بند کرنے کی کوششوں کا دعویٰ کیا۔ مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا کہ نیلم ویلی جانے والی شاہراہ بند کرنے کی کوشش سے متعلق پیپلز پارٹی رہنماؤں کی ویڈیوز موجود ہیں اور ضرورت پڑنے پر شواہد میڈیا کو بھی دکھائے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید الزام عائد کیا کہ سندھ سے آنے والے بعض ارکان اسمبلی اور پولیس افسران نے پولنگ اسٹیشنز پر مداخلت کی، بغیر اجازت پولنگ اسٹیشنز میں داخل ہو کر پریذائیڈنگ افسران پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کی گئی اور سرکاری وسائل استعمال کر کے انتخابی عمل پر اثر انداز ہونے کی کوشش ہوئی۔ مرتضیٰ جاوید عباسی نے مزید دعویٰ کیا کہ چوہدری شہزاد کے حلقے میں پیپلز پارٹی کارکنوں نے بیلٹ پیپر جلائے۔

بقیہ 02

شہداء کی قربانیاں قوم کا عظیم سرمایہ ہیں اور ان کے اہل خانہ کی عزت، کفالت اور بحالی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھی جائے گی شہید ملک شینکل کے اہل خانہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے مشکل وقت میں ان کے خاندان کا سہارا بن کر نہ صرف وعدہ پورا کیا بلکہ شہداء کے اہل خانہ کی دلجوئی کی ایک بہترین مثال بھی قائم کی۔

بقیہ 03

2026 میں شریک طلبہ و طالبات کا کہنا تھا کہ مس انفارمیشن، ڈس انفارمیشن، پروپیگنڈا اور غیر مصدقہ خبروں سے بچنے کے حوالے سے مؤثر رہنمائی فراہم کی گئی جبکہ ڈی جی آئی ایس پی آر کی جامع اور معلوماتی گفتگو نے قومی سلامتی سے متعلق متعدد غلط فہمیوں اور ابہام کو دور کیا۔ انٹرنشپ میں موجود شرکا نے بتایا کہ آزاد جموں و کشمیر کی صورتحال، بھارتی پروپیگنڈا اور پاکستان کے مؤقف پر تفصیلی بریفنگ نے زمینی حقائق کو سمجھنے میں مدد دی، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے متعلق ڈی جی آئی ایس پی آر کے حقائق پر مبنی مؤقف نے تمام تر ابہام کو ختم کر دیا۔ سمر انٹرن شپ 2026 کے شرکا نے درست معلومات کے فروغ اور ملک دشمن پروپیگنڈے کا مؤثر مقابلہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ واضح رہے آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ 2026 میں پاکستان بھر کے 21 مختلف سٹیشنز پر 6 ہزار سے زائد طلبہ شرکت کر رہے ہیں۔

بقیہ 04

پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دی جس کی شناخت سیف اللہ کے نام سے کی گئی پولیس کے مطابق ملزم کو ہتھوڑے کے ساتھ وار کر کے قتل کیا گیا ہے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

بقیہ 05

ی نہیں بلکہ ریاست کے آئینی منصب اور ریاستی نظم پر حملہ ہے، اس لیے اعلیٰ ترین سطح پر فوری ادارہ جاتی ردعمل ناگزیر ہے۔ پیپلز پارٹی کے مطابق نامزد ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کی جا رہی ہے اور ان کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے۔ پارٹی نے مطالبہ کیا کہ الیکشن کمیشن حملے کا فوری اور اعلیٰ سطح پر نوٹس لے اور پولیس و ضلعی انتظامیہ کے ساتھ رابطہ کر کے یاسر شاہ، احمد شاہ اور فواد شاہ کے خلاف مقدمہ درج کرائے۔ دوسری جانب صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر پر حملے کے بعد ان کے انتخابی حلقہ ایل اے 31 میں پیپلز پارٹی کارکن مشتاق شاہ کو قاتلانہ حملے میں شہید کر دیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ایل اے 31 میں پیپلز پارٹی کارکن مشتاق شاہ کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے شہید کارکن کے لواحقین سے اظہار رنج و غم کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پہلے صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر پر حملہ اور پھر انہی کے حلقہ انتخاب میں کارکن مشتاق شاہ کی شہادت سے مسلم لیگ (ن) کی نیت واضح ہو گئی۔ مسلم لیگ (ن) کا نام آزاد کشمیر میں گالی کے مترادف ہے، یہاں سے دھاندلی کر کے مسلم لیگ (ن) کا جیتنا عوام کا ریاست پر اعتماد ختم کر دے گا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ گولی، لاٹھی اور زور زبردستی سے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے عوام کے ووٹ پر ڈاکا مار رہی ہے۔ وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر پر حملے کا نوٹس لے لیا۔ وزیراعظم نے چیف سیکرٹری آزاد جموں و کشمیر اور آئی جی پولیس کو ہدایت کی کہ ذمہ داروں کو فی الفور کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے انتخابی عمل کے دوران سیکیورٹی کی ناقص صورت حال پر شدید برہمی کا اظہار بھی کیا۔ وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے کہا کہ صدر ریاست چوہدری لطیف اکبر پر حملہ کشمیر میں وقار اور اصول پسندی کی سیاست پر ایک طمانچہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے شرپسند عناصر نے صدر ریاست پر حملہ کر کے ناقابل برداشت حرکت کی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بھی آزاد جموں و کشمیر کے صدر چوہدری لطیف اکبر پر حملے کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ہر حد پار کر گئی، ہمارے ووٹرز سے لے کر صدر ریاست تک پر حملے ہو رہے ہیں۔ مظفرآباد ڈویژن میں مسلم لیگ (ن) کی دھونس، دھاندلی اور جبر کا مقابلہ پاکستان پیپلز پارٹی کی وقار اور اصول پسندی کی سیاست سے ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کے سب سے سینئر سیاست دان چوہدری لطیف اکبر پر حملہ کر کے رواداری کی سیاست کو دفن کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چوہدری لطیف اکبر پر حملہ کرنے والے ذمہ داروں کو فی الفور گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 06

سرمایہ کاری پر گفتگو کی۔ امریکی وفد کو سندھ بزنس ون اسٹاپ شاپ، کیٹی بندر پورٹ، این ای ڈی ٹیک پارک اور مجوزہ سندھ انٹرنیشنل فنانشل سینٹر سے متعلق بھی بریفنگ دی گئی۔ پاکستان بزنس کونسل کے ساتھ ملاقات میں کیپٹل مارکیٹس، زراعت، ٹیکسٹائل، توانائی، معدنیات، صحت اور دیگر شعبہ جات میں سرمایہ کاری کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امریکی وفد نے پاکستان کے بہتر سرمایہ کاری ماحول اور مختلف شعبوں میں کاروباری مواقع میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ کاروباری رہنماؤں نے سرمایہ کاروں کے اعتماد، پالیسی تسلسل اور کاروبار آسان بنانے کیلئے ایس آئی ایف سی کے کردار کو سراہا۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع، کاروباری اعتماد اور پاک امریکہ معاشی تعاون مزید مضبوط ہو رہا ہے۔

بقیہ 07

روائیاں کر کے خوارجیوں کو انجام تک پہنچایا اور ان کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں قیام امن کے لیے سیکیورٹی فورسز پرعزم ہیں اور دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خاتمے تک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ 08

کے دوران افغانستان کے صوبے بدخشاں میں طالبان مخالف مزاحمتی گروہوں کے حملوں میں نمایاں اضافہ ہوا۔ 17 جولائی کو طالبان مخالف گروہ سپاہیان میہن نے ضلع یفتل سفلی کے مرکز پر حملہ کیا اور کئی گھنٹے ضلعی مرکز پر قبضہ برقرار رکھا۔ امریکی تھنک ٹینک کے مطابق 23 جولائی کو افغان فریڈم فرنٹ نے بدخشاں کے ضلع زیباک میں طالبان یونٹس کیخلاف متعدد مدتی کارروائیاں کیں۔ افغان فریڈم فرنٹ کی سیاسی کمیٹی کے سربراہ داؤد ناجی نے لانگ وار جرنل کو بتایا کہ افغان فریڈم فرنٹ گوریلا جنگ کے بجائے اب طالبان کیخلاف براہ راست جنگ میں داخل ہو چکا ہے۔ لانگ وار جرنل کے مطابق 23 جولائی کو نیشنل ریزسٹنس فرنٹ نے ضلع کران و منجان میں طالبان کی چوکی پر حملہ کیا جس میں ایک طالبان جنگجو ہلاک اور 2 زخمی ہوئے۔ افغان صحافی ابو مسلم شیرزاد کے مطابق بدخشاں میں طالبان اور ان کے حامیوں کے لیے اپنی گرفت برقرار رکھنا اب آسان نہیں رہے گا۔ افغان طالبان کیساتھ حالیہ دنوں میں مسلح مخالف گروپس کی جھڑپوں نے رجیم کے افغانستان پر مکمل کنٹرول کے دعوؤں کا پول کھول دیا۔

بقیہ 09

کی جو صورت حال ہے وہ کسی تعریف کے محتاج نہیں۔ اب اس مسئلہ حکومت سے نہ توقع کی جا سکتی ہے نہ ہی ان میں اہلیت موجود ہے کہ وہ معاملات کو سنجیدگی کے ساتھ حل کرنے کی کوشش کرتا ہو۔ اس حکومت میں بگڑتی ہوئی صورتحال کو سمجھنے کی صلاحیت ہی موجود نہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ قومی شاہراہوں پر سفر کو محفوظ بنانا عوام کے جان و مال کی حفاظت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری ہے مگر موجودہ حالات میں قانون نافذ کرنے والے ادارے خود اپنی حفاظت کریں تو بڑی بات ہوگی۔ بیان میں کہا گیا کہ صوبے کے حالات پر سنجیدگی کے ساتھ توجہ دینے اور سیاسی مسائل کو مذاکرات سے حل کرنا انتہائی ضروری ہے اس وقت کوئی بھی غیر سنجیدگی مسائل کی زیادہ خرابی کا باعث بن سکتا ہے۔

بقیہ 10

آر ایچ سی ہسپتال جاتی میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔

بقیہ 11

پابندیوں کے باوجود روس سے روابط مودی کیلئے نیا امتحان بن گئے۔ عالمی جریدہ الجزیرہ کے مطابق امریکی سینیٹ میں منظور ہونے والے بل میں بھارت کیلئے ٹیرف 100 فیصد تک بڑھنے کا خطرہ منڈلانے لگا۔ رپورٹ کے مطابق خلیجی جنگ اور امریکی تجارتی دباؤ کے سامنے مودی سرکار کی توانائی پالیسی سخت مشکلات کا شکار ہے اور عالمی منظرنامے میں تبدیلیوں کے درمیان مودی کی غیر متوازن خارجہ پالیسی بھارتی عوام کیلئے کڑی آزمائش بن گئی ہے۔ الجزیرہ کے مطابق عالمی پابندی کے باوجود روسی توانائی کے بڑے خریداروں میں شامل ہونے کے باعث بھارت امریکی بل کی زد میں آ گیا۔ امریکی سینیٹر رچرڈ بلومنتھال کا کہنا ہے کہ مودی کی ناکام خارجہ پالیسی کی وجہ سے امریکی بل کی زد میں بھارت سب سے نمایاں ملک ہے۔ الجزیرہ کے مطابق مودی حکومت توانائی کے تحفظ اور امریکی ٹیرف کے خطرے کے درمیان توازن قائم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے۔ بھارتی جریدہ دی آن نیوز کے مطابق بھارتی وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بھی روسی تیل کی درآمد کو بھارت کیلئے نقصان دہ ہونے کی تائید کر دی۔ بھارتی توانائی اور تیل و گیس کے ماہر کیرت پاریخ کے مطابق بھارتی روپے پر شدید دباؤ سے مہنگائی میں نمایاں اضافے ہونے کا خدشہ پہلے ہی بھارتی عوام کے سر پر منڈلا رہا ہے۔

بقیہ 12

فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیا ہے۔ شازیہ مری نے اپنے بیان میں کہا کہ کشمیر انتخابات کے دوران رکن قومی اسمبلی صلاح الدین جونیجو فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہوئے، جس پر انہیں شدید تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ صلاح الدین جونیجو کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری عمل میں تشدد، اسلحے اور گولی کی سیاست کسی صورت قابل قبول نہیں اور ایسے واقعات انتخابی عمل کی شفافیت اور پرامن ماحول پر سوالیہ نشان ہیں۔ شازیہ مری نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ انتخابی عمل کو ہر صورت پرامن، شفاف اور خوف سے پاک بنایا جانا چاہیے۔

بقیہ 13

موسمی حالات کے باعث مزید کسی کی بازیابی فی الحال ممکن نہیں۔ اطلاعات کے مطابق براڈ پیک پر سرچ اینڈ ریکوری آپریشن جاری، تین کوہ پیماؤں کی لاشیں نکال لی گئیں۔ 4 شناخت شدہ کوہ پیماؤں کی لاشیں گراؤنڈ ریسکیو ٹیم کی جانب سے کیمپ ون منتقل کی جا رہی ہیں۔ ریسکیو ٹیم لاشوں کو کیمپ ون سے نیچے منتقل کرنے کے آپریشن میں مصروف ہے۔ براڈ پیک سے نرل پرجا (نمر دائی) کی لاش برآمد کر لی گئی۔ چینی کوہ پیما وانگ ژونگ کی لاش بھی برآمد، ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ نما شیرپا اور فلی مینجا شیرپا ''کیلو'' کی لاشیں بھی ریکور کر لی گئیں۔ ریسکیو ٹیم نے بلند ترین مقام پر ایک اور لاش کی موجودگی کی تصدیق کر دی۔ انتہائی دشوار گزار راستے اور خراب موسمی حالات کے باعث مزید کسی کی بازیابی فی الحال ممکن نہیں۔ بلند مقام پر موجود لاش کی بازیابی موجودہ حالات میں انتہائی خطرناک ہے، براڈ پیک پر سرچ اینڈ ریکوری آپریشن موسمی اور زمینی حالات کے مطابق جاری رہے گا۔

بقیہ 14

دے دیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی مظاہرین کا مطالبہ ہے کہ نعش ورثاء کے حوالے کر کے واقعہ کی تحقیقات کی جائے پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے تفریحی مقام ہنہ اوڑک میں ولی تنگ کے قریب ایک نوجوان ہلاک ہو گیا جس کی شناخت ریاض احمد کے نام سے کی گئی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی واقعہ کے خلاف علاقہ مکینوں اور نوجوان کے لواحقین، عزیز و اقارب اور رشتہ داروں نے ہنہ تھانے کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے روڈ بلاک کر دیا اور واقعہ کی صاف اور شفاف تحقیقات کر کے نعش ورثاء کے حوالے کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات کر کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا کر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 15

رئس کو نشانہ بنا کر تصاویر اور ویڈیوز بنانے کی کوشش کرتے ہیں، جنہیں بعد ازاں سوشل میڈیا پر استعمال کر کے گمراہ کن بیانیہ تشکیل دینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ خاران میں بھی دہشتگردوں نے سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا پھیلانے کے لیے جعلی تصاویر اور ویڈیوز بنانے کی غرض سے دراندازی کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے باعث دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہ ہو سکے۔ ذرائع کے مطابق دہشتگردوں کے لیے یہ بھی ایک واضح حقیقت بن چکی ہے کہ سیکیورٹی فورسز کی موجودگی یا ان کی آمد کی اطلاع ملتے ہی وہ فوری طور پر فرار ہو جاتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ خاران میں حواس باختہ دہشتگردوں کی فائرنگ اور شیلنگ کے نتیجے میں معصوم بچوں سمیت 5 افراد زخمی ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اپنے مذموم عزائم میں ناکامی پر معصوم شہریوں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا فتنہ الہندوستان کی بوکھلاہٹ اور اخلاقی دیوالیہ پن کی علامت ہے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا اور میدان میں پسپائی دہشتگردوں کی واضح شکست کی علامت ہے۔

بقیہ 16

ول بھٹو زرداری نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ الیکشن کمیشن اب تک آزاد کشمیر انتخابات کے پہلے مرحلے میں ہماری شکایات پر کوئی کارروائی کرنے میں ناکام رہا ہے، اگر نوٹس لے لیا جاتا تو آج ہونے والے دوسرے مرحلے کے انتخابات کی ساکھ بحال ہو سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی احتجاج کرنے اور دوبارہ انتخابات کا مطالبہ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے، ہم آج کے انتخابات میں بیلٹ بکس بھرنے اور ہمارے پولنگ ایجنٹس کو غیر قانونی طور پر پولنگ اسٹیشنوں سے نکالنے کے حوالے سے متعدد تحریری شکایات پہلے ہی جمع کرا چکے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ امید ہے کہ الیکشن کمیشن فوری کارروائی کرے گا اور کم از کم دوسرے مرحلے کے انتخابات میں شفافیت اور انصاف کو یقینی بنائے گا۔

بقیہ 17

کی تمام رقم اور سامان بھی برآمد کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی جھل مگسی کی خصوصی ہدایات پر ایس ڈی پی او ڈی ایس پی گنداواہ سرکل ذوالفقار علی چندرانی کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی گنداواہ انسپکٹر عبدالرزاق جتوئی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سید فارم کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے ملزمان محمد عالم طارق حسین سکنہ گوٹھ اخوندانی، کو گرفتار کیا۔ کارروائی کے دوران 68 ہزار روپے نقد، دو موبائل فون اور ایک ایل سی ڈی برآمد کر لی گئی، جو ڈکیتی کے دوران لوٹی گئی تھی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم محمد عالم پہلے بھی تھانہ سٹی گنداواہ میں درج مقدمہ نمبر 22/2026 میں مطلوب تھا۔ پولیس نے بتایا کہ مزید تفتیش جاری ہے اور اس کارروائی سے دیگر جرائم میں ملوث افراد کی گرفتاری کا بھی امکان ہے۔

بقیہ 18

یزات بنوانے کے لیے آنے والے شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل دریافت کیے۔ محسن نقوی مختلف کاؤنٹرز پر گئے، نادرا عملے سے ملاقات کی اور شہریوں سے ان کے مسائل کے بارے میں پوچھا۔ وزیر داخلہ نے 2 شہریوں کے مسائل بلا تاخیر حل کرنے کے لیے موقع پر ہی احکامات بھی جاری کیے۔ بعض شہریوں نے نادرا سینٹر کے باہر مقرر کردہ پارکنگ فیس سے زائد رقم وصول کیے جانے کی شکایات بھی کیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایف آر سی کے ٹریک ریکارڈ تک رسائی کے نظام کو اسٹریم لائن کیا جائے گا، نادرا سینٹر شملہ پہاڑی پہلے بھی وزٹ کر چکا ہوں، شہریوں کے فیڈ بیک سے خوشی ہوئی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ شہریوں کا اعتماد اور اطمینان ہی کسی ادارے کی کامیابی ہے، چیئرمین نادرا اور ان کی پوری ٹیم کی محنت اور کارکردگی قابل ستائش ہے۔

بقیہ 19

کی صدارت کی، جبکہ وفاقی و صوبائی حکام اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے متعدد نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان کی جانب سے ڈائریکٹر (پلاننگ اینڈ کوآرڈینیشن ریسکیو) جناب نوید احمد شیخ نے ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے اور این ای او سی ٹیم نے ملک بھر میں مون سون کی صورتحال، جانی و مالی نقصانات، امداد و بحالی سرگرمیوں پر کمیٹی کو تفصیلی بریفنگ دی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کمیٹی کو مزید بتایا کہ متوقع بارشوں کے باعث تمام ممکنہ متاثرہ علاقوں کے ڈپٹی کمشنرز کو بروقت صورتحال سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ اجلاس کے دوران جناب نوید احمد شیخ نے کمیٹی کو بلوچستان میں مون سون بارشوں کے باعث ہونے والے نقصانات، امدادی و بحالی سرگرمیوں، ضلعی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز (ڈی ڈی ایم ایز) اور پی ڈی ایم اے بلوچستان کے جاری رسپانس، نیز صوبے کی موجودہ موسمی صورتحال سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ انہوں نے متاثرہ علاقوں میں بحالی کے عمل کو مؤثر اور تیز تر بنانے کے لیے اضافی وسائل اور ضروری سہولیات کی فراہمی کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ کمیٹی کو حالیہ بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال اور متعلقہ وفاقی، صوبائی و ضلعی اداروں کے بروقت امدادی اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ این ای او سی نے آگاہ کیا کہ آئندہ دنوں میں شمالی و وسطی علاقوں جبکہ جنوب مشرقی سندھ کے بعض مقامات پر بھی بارش کا امکان ہے۔ این ڈی ایم اے نے متاثرہ علاقوں میں قومی و بین الاقوامی فلاحی اداروں کے تعاون سے جاری ریلیف سرگرمیوں پر بھی بریفنگ دی۔ این ڈی ایم اے ٹیم نے کمیٹی کو بتایا کہ حالیہ مون سون کے دوران ہونے والی زیادہ تر اموات کچے مکانات گرنے اور تعمیرات کو نقصان پہنچنے کے باعث ہوئیں۔ اجلاس میں وفاقی وزارتوں، صوبائی حکومتوں اور ضلعی انتظامیہ کی امدادی، ریسکیو اور بحالی کی کاوشوں کو سراہا گیا۔ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی نے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی رابطہ، پیشگی تیاری، امدادی کارروائیوں اور بحالی کے عمل میں مزید تیزی لانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 20

افراد کی نعشیں اور انسانی باقیات ملبے سے نکال لی گئی ہیں۔ یہ رہائشی عمارت اسرائیلی حملے میں مکمل طور پر تباہ ہو گئی تھی، 40 بچے، 38 خواتین اور 7 معذور افراد بھی شامل ہیں۔ شہری دفاع کے ترجمان کے مطابق امدادی ٹیموں نے تقریباً دو ہفتے قبل الحسائن خاندان کے رہائشی بلاک میں سرچ آپریشن شروع کیا تھا، یہ رہائشی عمارت اسرائیلی حملے میں مکمل طور پر تباہ ہو گئی تھی۔ ترجمان نے بتایا کہ امدادی کارکنوں نے 136 گھنٹے مسلسل کام کرتے ہوئے ملبے سے 112 نعشیں اور باقیات برآمد کیں، شہری دفاع کے مطابق ان میں 40 بچے، 38 خواتین اور 7 معذور افراد بھی شامل ہیں۔ ریسکیو آپریشن کے نگران کرنل محمد ابودان نے کہا کہ خدشہ ہے کہ مزید 157 نعشیں تاحال ملبے تلے دبی ہوئی ہیں، تاہم محدود وسائل اور بھاری مشینری کی عدم دستیابی کے باعث انہیں ابھی تک نکالا نہیں جا سکا، امدادی ٹیموں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور کئی مقامات پر کارکنوں نے اپنے ہاتھوں سے ملبہ ہٹا کر نعشوں تک رسائی حاصل کی۔ کرنل محمد ابودان کے مطابق بعض نعشیں کنکریٹ اور سریے کے نیچے بری طرح دبی ہوئی تھیں، جبکہ کئی انسانی باقیات شدید تباہی کے باعث شناخت کے قابل نہیں رہیں۔ انہوں نے عالمی اداروں اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ غزہ میں بھاری مشینری، ریسکیو آلات اور انسانی امداد کی فراہمی کیلئے اقدامات کیے جائیں تاکہ ملبے تلے دبے دیگر افراد کی تلاش کا عمل جاری رکھا جا سکے۔ اسرائیلی حکام کی جانب سے شہری دفاع کی جانب سے پیش کیے گئے ان دعوؤں پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا، جبکہ ان اعداد و شمار کی آزاد ذرائع سے تصدیق بھی نہیں ہو سکی۔

بقیہ 21

ین کشمیر کی نشستوں پر پولنگ کے دوران اپنے دورے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دانیال چودھری نے کہا کہ راولپنڈی میں پرامن انتخابات ہو رہے ہیں۔ اگر مہاجرین کشمیر کی کوئی آواز ہے تو وہ مسلم لیگ ن ہے۔ ہم مہاجرین کشمیر کے ساتھ کھڑے ہیں ان شاء اللہ برتری مسلم لیگ ن کی ہوگی۔ مہاجرین کشمیر کی نشستیں کوئی ختم نہیں کر سکتا یہ نشستیں قائم و دائم رہیں گی۔ مہاجرین کشمیر کی نشستوں کی وجہ سے پاکستان اور مہاجرین کا رشتہ مضبوط ہوا ہے۔ مہاجرین کشمیر کی نشستیں ختم کا کرنے کا مطالبہ درست نہیں۔ بلاول صاحب کے بیان پر کچھ نہیں کہوں گا انکو حال ہی میں آزاد کشمیر میں دھچکا لگا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرپور میں دھاندلی کے الزامات تو لگے لیکن پیپلز پارٹی کے حلقے سے آر اوز اور بیلٹ پیپرز کے بیگ برآمد ہوئے۔ الیکشن میں دھاندلی کے الزامات لگتے رہتے ہیں ہار کو تسلیم کرنا چاہیے۔ سسٹم کو اپگریڈ ہونا چاہیے این ایف سی ایوارڈ کی توسیع ہونی چاہیے۔ دانیال چودھری نے کہا کہ میاں شہباز شریف کی کاوشوں سے ملک آج ترقی کر رہا ہے۔ ہم این ایف سی کے روح کی بات کر رہے ہیں۔ کشمیر ہماری شہ رگ ہے کشمیر ہمارا دل ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی کہا ہے کشمیری ہمارے لاڈلے ہیں۔ پاکستان نے عالمی سطح پر کشمیریوں کی آواز بلند کی ہے۔ کشمیریوں کی آواز ختم کرنے والوں کو کامیاب نہیں ہونے دینگے۔

بقیہ 22

لیے تیار ہے، امریکا کی کسی بھی مہم جوئی پر سخت ردعمل دیا جائے گا۔ بعد ازاں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ انہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بھی فون پر گفتگو کی ہے۔

بقیہ 23

پنجاب میں 2015 سے بلدیاتی انتخابات نہیں کرائے گئے، کراچی میں جماعت اسلامی کا میئر بننے کا راستہ روکا گیا، پیپلز پارٹی خود فارم 47 کی پیداوار ہے، بلاول بھٹو کراچی سے ملنے والی 7 نشستوں کے فارم 45 دکھائیں، جن کو 17 نشستیں نہیں ملیں ان کو پورا ملک دے دیا گیا، رجیم چینج کرنے والوں کو معاف نہیں کیا جا سکتا، ضروری ہے کہ ملک میں متناسب نمائندگی کی بنیاد پر انتخابات کرائے جائیں، سیاسی قیدیوں کو رہا اور فوج سمیت تمام حکمران طبقہ اپنی غیر ضروری مراعات سے دستبردار ہو۔ پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس کی ظالمانہ وصولی کے خلاف جماعت اسلامی کے تحت پورے ملک میں 7 اگست کو احتجاج اور سڑکیں بند کی جائیں گی، 3 اگست کو شاہراہ قائدین پر خواتین کا زبردست احتجاجی مارچ ہوگا، 2 اگست کو بھی نوجوان احتجاج کے لیے نکلیں گے اور 7 اگست کے احتجاج کی تیاری کریں گے، عوام اپنا آئینی و قانونی حق استعمال کر کے حکمرانوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیں گے، حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان میں 35 کان کن مزدوروں کی شہادت پر بھی گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا معاشی حب ہے لیکن اسے وفاق اور صوبہ سمیت کوئی حکمران پارٹی اون کرنے کو تیار نہیں، پیپلز پارٹی نے کراچی کے اداروں اور وسائل پر قبضہ کیا ہوا ہے اور عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت نے آزاد کشمیر میں معاملات بگاڑ دیے ہیں، مذاکرات کے ذریعے اگر مسئلہ حل کر لیا جاتا تو صورتحال اتنی خراب نہ ہوتی، گولی سے مسئلہ حل کرنے سے نفرتیں پروان چڑھتی ہیں اور بیرونی طاقتیں، ملک دشمن قوتیں فائدہ اٹھاتی ہیں، آزاد کشمیر میں اب بھی مسائل کے حل کا راستہ مذاکرات ہیں، حکمرانوں کا لہجہ پاکستان کو زخمی کر رہا ہے، یہ طرز حکمرانی چھوڑنا پڑے گا، کشمیری ہمارے بھائی ہیں، آزاد جموں کشمیر میں پیپلز پارٹی کے پرائم منسٹر سمیت حکومت پاکستان نے بھی کوئی کردار ادا نہیں کیا، جماعت اسلامی نے آزاد کشمیر کے مسئلے کے حل کے لیے ہمیشہ اپنی خدمات پیش کیں، پچھلے چند دنوں میں ہونے والے واقعات نے ہر پاکستانی کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے، ہم ایک بار پھر یہ کہتے ہیں کہ طاقت کے ذریعے یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا، فورسز کے لوگ بھی ہمارے لوگ ہیں اور آزاد کشمیر کے لوگ بھی ہمارے بھائی ہیں، ہم نے کبھی یہ نہیں کہا کہ ہم کسی پاکستان مخالف بیانیے کو تسلیم کرتے ہیں، ہم صورتحال کو مذاکرات سے حل کرنے کی حمایت کرتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پورے خطے میں کرنسی کے حساب سے پاکستان میں سب سے زیادہ مہنگا پیٹرول فروخت ہو رہا ہے، لیوی عوام کے ساتھ انتہائی ظلم اور حکومتی بھتہ ٹیکس ہے، جب حکمرانوں سے لیوی ختم کرنے کی بات کی جاتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم آئی ایم ایف کے پروگرام میں ہیں اس لیے ہم لیوی ختم نہیں کر سکتے، یہ سب باتیں بالکل بیکار باتیں ہیں اصل میں حکومت اپنے اہداف کو حاصل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، ایف بی آر کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے، اویس لغاری کے مطابق پاکستان میں 3 کروڑ موٹر سائیکلیں ہیں اور یہ موٹر سائیکلیں چلانے والا غریب و متوسط طبقہ بھاری بھرکم ٹیکس اور لیوی ادا کر رہا ہے، جن کی آمدنی قابل ٹیکس نہیں ہے وہ ٹیکس اور لیوی ادا کر رہے ہیں، جب پیٹرول کی قیمت بڑھتی ہے تو تمام اشیاء کی قیمتوں کو آگ لگ جاتی ہے اور غریب عوام کا بجٹ بالکل آؤٹ ہو جاتا ہے، حکمرانوں کی اپنی عیاشیاں ختم نہیں ہو رہی اور عوام پر سارا بوجھ ڈالا ہوا ہے، بجلی کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے جب عوام سولر پر جاتے ہیں تو حکومت سولر پالیسیاں تبدیل کر دیتی ہے، ایسے نااہل حکمران ہم پر مسلط کر دیے گئے ہیں جو کوئی بھی مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ پریس کانفرنس میں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، نائب امراء کراچی سیف الدین ایڈووکیٹ، راجہ عارف سلطان، رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق، سیکریٹری اطلاعات زاہد عسکری، سینئر ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات صہیب احمد بھی موجود تھے۔

بقیہ 24

ت پر مبنی طرز عمل اختیار کیا گیا۔ بلوچستان کے مسئلے کے حل کے لیے ہر دور میں متعدد قابل عمل تجاویز پیش کی گئیں، مگر ہر مرتبہ انہیں غیر سنجیدگی سے لیا گیا اور اصل مسئلے کے حل کے بجائے نت نئی تاویلات، مصنوعی بیانیے اور وقتی جواز تراشے جاتے رہے۔ جمعیت علمائے اسلام کی رائے میں صوبے کو مزید نت نئے تجربات کی بھینٹ چڑھانے کے بجائے تمام سنجیدہ سیاسی قوتیں اور قومی قیادت سر جوڑ کر آئین اور عوامی امنگوں کے مطابق مستقل اور پائیدار سیاسی حل تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہائبرڈ نظام کا تجربہ مکمل طور پر ناکام ثابت ہو چکا ہے اور اس ناکام تجربے کی بھاری قیمت عوام اور ملک دونوں نے سیاسی عدم استحکام، معاشی بحران، ادارہ جاتی کمزوری اور بڑھتی ہوئی بداعتمادی کی صورت میں ادا کی ہے۔ گزشتہ عام انتخابات اور اس سے پیوستہ انتخابی عمل کے نام پر عوامی مینڈیٹ کا جس انداز میں مذاق بنایا گیا، آج بلوچستان میں پھیلی بے چینی، احساس محرومی، سیاسی بحران اور بدامنی اسی کے براہ راست نتائج ہیں۔ بلوچستان آج جس آگ میں جل رہا ہے، وہ عوامی مینڈیٹ سے انحراف، سیاسی انجینئرنگ اور انتخابی عمل کو متنازع بنانے کی پالیسیوں کا شاخسانہ ہے۔ اگر واقعی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی چاہتی ہے تو اس کا واحد قابل عمل راستہ عوامی مینڈیٹ کی غیر مشروط بحالی، آزاد، شفاف اور غیر جانبدار دوبارہ انتخابات کا انعقاد اور عوام کے حق حکمرانی کا مکمل احترام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی غلطیوں اور ناکام پالیسیوں کا احتساب کرنے کے بجائے سیاسی قیادت کو نشانہ بنانا، ان کی کردار کشی کرنا اور انہیں قومی مسائل کا ذمہ دار قرار دینا نہ صرف جمہوری اقدار بلکہ ریاستی استحکام کے لیے بھی انتہائی خطرناک رجحان ہے، کیونکہ یہی عناصر مختلف ادوار میں مختلف سیاسی قیادتوں کو متنازع بنانے، عوامی مینڈیٹ کو کمزور کرنے اور پارلیمانی اداروں کو غیر مؤثر ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں، جسے جمعیت علمائے اسلام صرف سیاسی قیادت ہی نہیں بلکہ ملکی جمہوریت، آئین اور عوام کے حق حکمرانی کے خلاف ایک منظم اور مذموم سازش سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور وفاق کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج کم کرنے کا واحد راستہ اعتماد سازی ہے، اور اعتماد سازی کی پہلی، بنیادی اور ناگزیر شرط آزاد، شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کے ذریعے عوامی رائے اور مینڈیٹ کا مکمل احترام ہے۔ سیاسی سودے بازی، سیاسی انجینئرنگ اور مصنوعی اکثریتوں نے صوبے کو بحرانوں کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ جمہوری اقدار، آئین کی بالادستی اور عوامی اختیار پر زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے اور اس گمراہ کن مؤقف کی سختی سے نفی کی جائے کہ پارلیمان صوبائی مسائل حل کرنے سے قاصر ہے، حقیقت یہ ہے کہ حقیقی عوامی نمائندگی سے محروم رکھ کر انہی عناصر کے اس ناروا بیانیے کو تقویت دی گئی ہے جو پارلیمانی اداروں کو کمزور، غیر مؤثر اور عوام سے بے تعلق ثابت کرنا چاہتے ہیں

بقیہ 25

کرنے کیلئے جائے وقوعہ پہنچ گئی ہے۔ سوات پولیس کی بھاری نفری ڈی پی او سوات محمد عمر خان کی زیر قیادت جائے وقوعہ پر موجود ہے اور علاقے میں ممکنہ سہولت کاروں کی سرکوبی کیلئے آپریشن شروع کر دیا گیا ہے جبکہ دھماکے میں شہداء اور زخمیوں کو سنٹرل ہسپتال سوات منتقل کیا گیا ہے۔ خودکش حملہ آور کا سر مل گیا ہے جبکہ ابتدائی تحقیقات حملہ آور کے افغانی ہونے کی نشاندہی کر رہی ہیں۔ ڈی پی او سوات کا کہنا ہے کہ علاقے میں ممکنہ سہولتکاروں کی گرفتاری کیلئے آپریشن شروع کر دیا گیا ہے جبکہ بم ڈسپوزل اسکواڈ دھماکے کی نوعیت کا پتہ لگانے میں مصروف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دھماکے میں ملوث عناصر کا پتہ لگا کر ان کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 26

ایت چیئرمین سی ایم آئی ٹی بشیر احمد منگلوی کی سربراہی میں سی ایم آئی ٹی واقعہ کی تحقیقات کرے گی انکوائری میں حادثے کی اصل وجہ، متعلقہ حکام کی کارکردگی اور ذمہ داروں کا تعین کرنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سفارشات بھی مرتب کی جا سکے اور دو ہفتوں میں انکوائری رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے یاد رہے کہ 30 جولائی کو کوئٹہ کے علاقے سورینج میں کوئلہ کان حادثے میں 34 کان کن جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ 27

بلوچستان سے ملاقات کو اپنی زندگی کا یادگار لمحہ قرار دیتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور اپنی روایتی انداز میں محبت بھرے گیت پیش کیے۔ فنکار نے وزیر اعلیٰ کی موجودگی میں گانا بھی سنایا جسے میر سرفراز بگٹی نے سراہتے ہوئے ان کی فنکارانہ صلاحیتوں کی تعریف کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے لوک فنکار صوبے کی ثقافت، روایات اور مثبت تشخص کے حقیقی سفیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی فن اور فنکاروں کی حوصلہ افزائی حکومت کی ذمہ داری ہے اور ایسے باصلاحیت افراد کی سرپرستی جاری رکھی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے گل میر جمالی کے خلوص، محبت اور فن سے وابستگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ فن لوگوں کے دلوں کو جوڑنے اور معاشرے میں مثبت پیغام عام کرنے کا مؤثر ذریعہ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کی ثقافتی ورثے کے فروغ اور مقامی فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اس موقع پر گل میر جمالی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی محبت، شفقت اور حوصلہ افزائی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ ان سے ملاقات ان کے لیے ایک اعزاز ہے اور وہ اپنی آواز کے ذریعے بلوچستان کی ثقافت اور محبت کے پیغام کو مزید فروغ دیتے رہیں گے۔ واضح رہے کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقے نصیر آباد سے تعلق رکھنے والے لوک گلوکار گل میر جمالی نے سوشل میڈیا پیج کوئٹہ نیوز نیٹ ورک پر اپنے ایک انٹرویو میں وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا جس پر چیف منسٹر سیکرٹریٹ کی جانب سے گلوکار گل میر جمالی کو مدعو کیا گیا۔

بقیہ 28

معاہدہ طے پا گیا تو حملہ نہیں ہوگا۔ اسرائیل نے بھی حملہ موخر کرنے پر اتفاق کیا۔ امریکی صدر نے یہ بھی کہا کہ امریکا ایران کے خلاف کارروائی کے لیے مکمل طور پر تیار اور مستعد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کے خلاف کارروائی کا اختیار ہمارے پاس موجود ہے۔

بقیہ 29

میرپور کے بعد مظفرآباد اور کشمیری مہاجرین کی نشستوں پر بھی کامیاب الیکشن کا مظاہرہ کیا ہے۔ محمد حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ پنجاب میں کشمیری مہاجرین کی نشستوں پر ووٹرز بڑی تعداد میں گھروں سے نکلے ہیں۔ کشمیری عوام کا جوش و جذبہ اس بات کا عکاس ہے کہ مظفرآباد اور مہاجرین کی نشستوں پر ٹرن آؤٹ میرپور ڈویژن کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہوگا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ **وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا جادو سر چڑھ کر بول رہا ہے، جبکہ پنجاب میں ان کی کارکردگی نے کشمیریوں اور پنجاب میں مقیم کشمیری مہاجرین کے دل جیت لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں آج جس بڑی تعداد میں ووٹرز گھروں سے باہر نکلے ہیں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے جیت شیر کی ہوگی۔ محمد حنیف عباسی نے مزید کہا کہ ہر طرف شیر دھاڑ رہا ہے اور شیر کی فتح ہے۔ جب چاند نکل رہا ہوگا تو شیر کی فتح کا وقت ہوگا، ان شاء اللہ۔

بقیہ 30

ستوں سمیت حساس مقامات پر کلیئرنس آپریشن شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ شب مسلح افراد نے خاران تھانے پر حملہ کر دیا اور ریکارڈ سمیت عمارت کو آگ لگا دی واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز کا عملہ موقع پر پہنچ گیا اور فائرنگ کا تبادلہ ہوا سیکورٹی فورسز نے شہر کے داخلی اور خارجی حساس مقامات پر کلیئرنس آپریشن شروع کر دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ حملہ آوروں نے سٹی پولیس تھانے کے باہر سی ٹی ڈی کی عمارت کو بھی نقصان پہنچایا ہے۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 31

و رہا، پارٹی نے بہت محنت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں 45 فیصد سے زیادہ ٹرن آؤٹ رہا ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے آخری انتخاب اس شہر سے 1970 میں جیتا تھا، پیپلز پارٹی کی پذیرائی ختم ہو چکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، کہیں کہیں نظر آ رہا تھا کہ دونوں پارٹیوں کی مشترکہ کاوش ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کا بائیکاٹ کیا ہے۔

بقیہ 32

مختلف مکاتب فکر کے تعاون سے 7 اگست بروز جمعہ پورے بلوچستان میں قومی سطح پر ہڑتال کی جائے گی اور صوبے کی تمام اہم شاہراہیں بند رہیں گی۔ یہ ہڑتال ایف سی کے بیجا مظالم، بارڈرز کی بندش، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، مہنگائی، بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، بے امنی اور عوامی مسائل کے خلاف جبکہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے مطالبے کے لیے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد عوام کے حقوق کے حصول، امن، انصاف اور خوشحالی کے لیے ہے، یہی وجہ ہے کہ نوجوانوں، عوام الناس اور مختلف طبقات کی بڑی تعداد جماعت اسلامی میں شامل ہو رہی ہے، جو خوش آئند اور عوامی اعتماد کا مظہر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کے علاقے سردار کاریز میں منعقدہ شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے سے امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند اور صدر جے آئی یوتھ کوئٹہ نسیم سیلاچی نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے جماعت اسلامی کے پیغام، دعوت، دیانت دار قیادت، عوامی خدمت اور ملک میں حقیقی، پرامن اور آئینی تبدیلی کے لیے جاری جدوجہد پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ عوام خود کو غیر محفوظ سمجھتے ہیں، جبکہ بے گناہ افراد کے قتل، لاپتہ ہونے کے واقعات، شاہراہوں پر عدم تحفظ اور معاشی بدحالی نے ہر شہری کو پریشان کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام یہ سوال کرنے پر مجبور ہیں کہ بے گناہوں کا خون آخر کب تک بہتا رہے گا اور بلوچستان کے عوام کب تک ناانصافیوں کا شکار رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی مسلسل ناکامی اور نااہلی کے باعث بلوچستان کے متعدد علاقے عملاً غیر محفوظ ہو چکے ہیں، جبکہ بارڈرز کی بندش نے ہزاروں خاندانوں کا روزگار متاثر کیا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور بیجا بھتہ خوری نے ٹرانسپورٹرز، تاجروں اور عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے بلوچستان کے عوام، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، طلبہ، نوجوانوں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ 7 اگست کی قومی ہڑتال میں بھرپور شرکت کر کے اپنے حقوق، امن اور بہتر مستقبل کے لیے متحد ہو جائیں اور اس پرامن احتجاج کو کامیاب بنائیں۔ شمولیتی جلسے میں ملک نوید محمد شہی کی سربراہی میں بڑی تعداد میں افراد نے جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کی اور جماعت اسلامی کی عوامی جدوجہد پر اعتماد کا اظہار کیا۔ مقررین نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل، امن کے قیام اور بلوچستان کے حقوق کے لیے جدوجہد مزید تیز کی جائے گی۔

بقیہ 33

ناصر نے فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے مقامی ہوٹل کے مالک ہاشم نورزئی کی رہائش پر جا کر ان کے بیٹوں اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 34

امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے، عوامی رابطہ مہم کو تیز کرنے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ایک قومی، جمہوری اور عوام دوست سیاسی تحریک ہے، جس کا بنیادی مقصد پشتون عوام کے قومی، سیاسی، معاشی، سماجی اور آئینی حقوق کا تحفظ، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کا قیام، وسائل پر عوام کے حق ملکیت کو یقینی بنانا اور ایک پرامن، بااختیار اور خوشحال معاشرے کی تشکیل ہے۔ مقررین نے کہا کہ اسی مقصد کے تحت پارٹی نے جنوبی پشتونخوا سمیت پورے پشتونخوا وطن میں ابتدائی یونٹوں کے قیام، ضلعی، علاقائی اور یونٹ سطح کی کانفرنسوں، تنظیمی اجلاسوں اور عوامی رابطہ مہم کو مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ پارٹی کا پیغام ہر گاں، ہر محلے اور ہر گھر تک پہنچایا جا سکے اور عوام کو قومی و جمہوری جدوجہد میں مزید مؤثر انداز میں شریک کیا جا سکے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ صوبہ بلوچستان، بالخصوص پشتونخوا وطن، اس وقت اپنی تاریخ کے نہایت نازک اور تشویشناک دور سے گزر رہا ہے۔ امن و امان کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے۔ دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان، مسلح جتھوں کی آزادانہ نقل و حرکت، قومی شاہراہوں پر ناکہ بندی، بھتہ خوری اور بے گناہ شہریوں پر حملے معمول بن چکے ہیں، جبکہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہیں۔ اجلاس نے کہا کہ سانحہ زیارت، سانحہ لورک، سانحہ شاہرگ اور گزشتہ روز ہنہ اوڑک میں مسلح جتھوں کے حملوں سمیت مسلسل پیش آنے والے افسوسناک واقعات اس حقیقت کا واضح ثبوت ہیں کہ صوبے میں ریاستی رٹ شدید کمزور ہو چکی ہے۔ کوئٹہ۔ خضدار، کوئٹہ۔ ژوب، کوئٹہ۔ سبی، کوئٹہ۔ لورالائی اور دیگر اہم قومی شاہراہیں عملاً غیر محفوظ ہو چکی ہیں۔ مسافر، مریض، خواتین، طلبہ، سرکاری ملازمین، مزدور، تاجر اور ٹرانسپورٹرز خوف و ہراس کے ماحول میں سفر کرنے پر مجبور ہیں، مگر حکومت نہ ان شاہراہوں کو محفوظ بنانے میں کامیاب ہوئی ہے اور نہ ہی مسلح گروہوں کے خلاف مؤثر اور فیصلہ کن کارروائی کر سکی ہے۔ اجلاس نے اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ جب ریاست عوام کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی حکمرانی اور آئین کے نفاذ میں ناکام ہو جائے تو عوام میں بے چینی اور عدم اعتماد پیدا ہونا ایک فطری عمل ہے۔ حکومت کی مسلسل ناکامی نے عوام میں یہ احساس مزید گہرا کر دیا ہے کہ امن و امان کے قیام کے لیے سنجیدہ اور مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے، جس کے باعث لوگ خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ اجلاس میں کہا گیا کہ آج پشتونخوا وطن کے عوام ایک نہیں بلکہ متعدد بحرانوں کا شکار ہیں۔ ایک جانب دہشت گردی، بدامنی اور عدم تحفظ نے معمولات زندگی مفلوج کر دیے ہیں، جبکہ دوسری جانب بے روزگاری، مہنگائی، غربت، بجلی اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ، تعلیم اور صحت کے شعبوں کی زبوں حالی، ترقیاتی منصوبوں کی بندش، قدرتی وسائل کی بے دریغ لوٹ مار اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع سے محروم رکھنے کی پالیسیوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ نوجوان مایوسی، بے روزگاری اور ہجرت پر مجبور ہیں، جبکہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے بجائے نمائشی اقدامات اور سیاسی انتقامی طرز عمل میں مصروف ہے۔ اجلاس نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے تمام واقعات کی آزادانہ، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے اصل حقائق اور ذمہ دار عناصر کو عوام کے سامنے لایا جائے، قومی شاہراہوں پر شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، تمام مسلح جتھوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔

بقیہ 35

2025-26 کا تفصیلی ریکارڈ طلب کر لیا تھا جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق میونسپل کارپوریشن حب سے ترقیاتی فنڈز کے تحت جاری کیے گئے تمام ٹینڈرز، ٹینڈر نوٹس، اخباری اشتہارات، ٹینڈر کمیٹیوں کی تفصیلات، تمام خریداریوں (کوٹیشن، ٹینڈر اور ای ٹینڈر)، مشینری کی خریداری، گاڑیوں کی الاٹمنٹ، ماہانہ پیٹرول و آئل (P.O.L) کے بلز، گاڑیوں کی مرمت کے لاگ بکس، ری آڈٹ رپورٹس، چیک بک رجسٹر، تنخواہوں و پنشن، یومیہ اجرت پر کام کرنے والے ملازمین، کیش بلز، کیش بک، اسٹاک رجسٹر، بینک ریکنسلی ایشن، صفائی و میونسپل سروسز کی ادائیگیوں اور استعمال میں موجود مشینری و آلات سے متعلق مکمل ریکارڈ طلب کیا گیا قابل ذکر بات یہ ہے کہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے مذکورہ ریکارڈ طلب کیے جانے کے باوجود ڈیڑھ ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے، تاہم میونسپل کارپوریشن حب کے متعلقہ افسران تاحال اینٹی کرپشن کو مطلوبہ ریکارڈ اور جواب فراہم نہیں کر سکے ہیں، جس کے باعث تحقیقات کی پیش رفت اور ریکارڈ کی فراہمی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔

بقیہ 01

مختلف مکاتب فکر کے تعاون سے 7 اگست بروز جمعہ پورے بلوچستان میں قومی سطح پر ہڑتال کی جائے گی اور صوبے کی تمام اہم شاہراہیں بند رہیں گی۔ یہ ہڑتال ایف سی کے مبینہ مظالم، بارڈرز کی بندش، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، مہنگائی، بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، بے امنی اور عوامی مسائل کے خلاف جبکہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے مطالبے کے لیے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد عوام کے حقوق کے حصول، امن، انصاف اور خوشحالی کے لیے ہے، یہی وجہ ہے کہ نوجوانوں، عوام الناس اور مختلف طبقات کی بڑی تعداد جماعت اسلامی میں شامل ہو رہی ہے، جو خوش آئند اور عوامی اعتماد کا مظہر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کے علاقے سردار کاریز میں منعقدہ شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے سے امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالحلیم رند اور صدر جے آئی یوتھ کوئٹہ نسیم سیلاچی نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے جماعت اسلامی کے پیغام، دعوت، دیانت دار قیادت، عوامی خدمت اور ملک میں حقیقی، پرامن اور آئینی تبدیلی کے لیے جاری جدوجہد پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ عوام خود کو غیر محفوظ سمجھتے ہیں، جبکہ بے گناہ افراد کے قتل، لاپتہ ہونے کے واقعات، شاہراہوں پر عدم تحفظ اور معاشی بدحالی نے ہر شہری کو پریشان کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام یہ سوال کرنے پر مجبور ہیں کہ بے گناہوں کا خون آخر کب تک بہتا رہے گا اور بلوچستان کے عوام کب تک ناانصافیوں کا شکار رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی مسلسل ناکامی اور نااہلی کے باعث بلوچستان کے متعدد علاقے عملاً غیر محفوظ ہو چکے ہیں، جبکہ بارڈرز کی بندش نے ہزاروں خاندانوں کا روزگار متاثر کیا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور مبینہ بھتہ خوری نے ٹرانسپورٹرز، تاجروں اور عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے بلوچستان کے عوام، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، طلبہ، نوجوانوں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ 7 اگست کی قومی ہڑتال میں بھرپور شرکت کر کے اپنے حقوق، امن اور بہتر مستقبل کے لیے متحد ہو جائیں اور اس پرامن احتجاج کو کامیاب بنائیں۔ شمولیتی جلسے میں ملک نوید محمد شہی کی سربراہی میں بڑی تعداد میں افراد نے جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کی اور جماعت اسلامی کی عوامی جدوجہد پر اعتماد کا اظہار کیا۔ مقررین نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل، امن کے قیام اور بلوچستان کے حقوق کے لیے جدوجہد مزید تیز کی جائے گی۔

بقیہ 02

ناصر نے فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے مقامی ہوٹل کے مالک ہاشم نورزئی کی رہائش پر جا کر ان کے بیٹوں اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 03

امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے، عوامی رابطہ مہم کو تیز کرنے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ایک قومی، جمہوری اور عوام دوست سیاسی تحریک ہے، جس کا بنیادی مقصد پشتون عوام کے قومی، سیاسی، معاشی، سماجی اور آئینی حقوق کا تحفظ، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کا قیام، وسائل پر عوام کے حق ملکیت کو یقینی بنانا اور ایک پرامن، بااختیار اور خوشحال معاشرے کی تشکیل ہے۔ مقررین نے کہا کہ اسی مقصد کے تحت پارٹی نے جنوبی پشتونخوا سمیت پورے پشتونخوا وطن میں ابتدائی یونٹوں کے قیام، ضلعی، علاقائی اور یونٹ سطح کی کانفرنسوں، تنظیمی اجلاسوں اور عوامی رابطہ مہم کو مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ پارٹی کا پیغام ہر گاؤں، ہر محلے اور ہر گھر تک پہنچایا جا سکے اور عوام کو قومی و جمہوری جدوجہد میں مزید مؤثر انداز میں شریک کیا جا سکے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ صوبہ بلوچستان، بالخصوص پشتونخوا وطن، اس وقت اپنی تاریخ کے نہایت نازک اور تشویشناک دور سے گزر رہا ہے۔ امن وامان کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے۔ دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان، مسلح جتھوں کی آزادانہ نقل و حرکت، قومی شاہراہوں پر ناکہ بندی، بھتہ خوری اور بے گناہ شہریوں پر حملے معمول بن چکے ہیں، جبکہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہیں۔ اجلاس نے کہا کہ سانحہ زیارت، سانحہ لورک، سانحہ شاہرگ اور گزشتہ روز ہنہ اوڑک میں مسلح جتھوں کے حملوں سمیت مسلسل پیش آنے والے افسوسناک واقعات اس حقیقت کا واضح ثبوت ہیں کہ صوبے میں ریاستی رٹ شدید کمزور ہو چکی ہے۔ کوئٹہ۔خضدار، کوئٹہ۔ژوب، کوئٹہ۔سبی، کوئٹہ۔لورالائی اور دیگر اہم قومی شاہراہیں عملاً غیر محفوظ ہو چکی ہیں۔ مسافر، مریض، خواتین، طلبہ، سرکاری ملازمین، مزدور، تاجر اور ٹرانسپورٹر خوف و ہراس کے ماحول میں سفر کرنے پر مجبور ہیں، مگر حکومت نہ ان شاہراہوں کو محفوظ بنانے میں کامیاب ہوئی ہے اور نہ ہی مسلح گروہوں کے خلاف مؤثر اور فیصلہ کن کارروائی کر سکی ہے۔ اجلاس نے اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ جب ریاست عوام کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی حکمرانی اور آئین کے نفاذ میں ناکام ہو جائے تو عوام میں بے چینی اور عدم اعتماد پیدا ہونا ایک فطری عمل ہے۔ حکومت کی مسلسل ناکامی نے عوام میں یہ احساس مزید گہرا کر دیا ہے کہ امن وامان کے قیام کے لیے سنجیدہ اور مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے، جس کے باعث لوگ خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ اجلاس میں کہا گیا کہ آج پشتونخوا وطن کے عوام ایک نہیں بلکہ متعدد بحرانوں کا شکار ہیں۔ ایک جانب دہشت گردی، بدامنی اور عدم تحفظ نے معمولات زندگی مفلوج کر دیے ہیں، جبکہ دوسری جانب بے روزگاری، مہنگائی، غربت، بجلی اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ، تعلیم اور صحت کے شعبوں کی زبوں حالی، ترقیاتی منصوبوں کی بندش، قدرتی وسائل کی بے دریغ لوٹ مار اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع سے محروم رکھنے کی پالیسیوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ نوجوان مایوسی، بے روزگاری اور ہجرت پر مجبور ہیں، جبکہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے بجائے نمائشی اقدامات اور سیاسی انتقامی طرز عمل میں مصروف ہے۔ اجلاس نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے تمام واقعات کی آزادانہ، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے اصل حقائق اور ذمہ دار عناصر کو عوام کے سامنے لایا جائے، قومی شاہراہوں پر شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، تمام مسلح جتھوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، لاپتہ افراد کے مسئلے کو آئین اور قانون کے مطابق حل کیا جائے اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیاسی قوتوں، منتخب نمائندوں اور مقامی آبادی کو اعتماد میں لے کر جامع اور مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے۔ اجلاس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی دہشت گردی، انتہاپسندی، جبر، غیر آئینی اقدامات، وسائل کی لوٹ مار، قومی حقوق پر ہر قسم کے ڈاکے، عوام دشمن پالیسیوں اور جمہوری اقدار پر حملوں کے خلاف اپنی آئینی، جمہوری اور سیاسی جدوجہد ہر قیمت پر جاری رکھے گی۔ پارٹی پشتون عوام کے قومی حقوق، امن، انصاف، جمہوریت، آئین کی بالادستی، انسانی حقوق اور وسائل پر عوام کے حق ملکیت کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد کو مزید منظم، مؤثر اور وسیع کرے گی اور ہر سطح پر عوام کی توانا آواز بن کر اپنا تاریخی کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 04

حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ کوئلہ کانوں میں حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے، جدید حفاظتی نظام متعارف کرایا جائے اور کان کنوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے المناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کان حادثے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، متاثرہ خاندانوں کو مناسب مالی معاوضہ فراہم کیا جائے اور صوبے بھر کی کوئلہ کانوں میں حفاظتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 05

تعاون سے ضلعی محکمہ بہبود آبادی لورالائی نے ضلعی پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر نسرین گل کی سربراہی میں انسٹیٹیوٹ آف نرسنگ، ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں ایک میگا آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا مقصد عوام میں آبادی سے متعلق مسائل، خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت، ماں اور بچے کی بہتر صحت، پیدائش میں مناسب وقفے، ذمہ دار والدین اور پائیدار ترقی کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا تھا۔ تقریب میں ڈاکٹرز، نرسنگ طلبہ، اساتذہ، طبی عملہ، محکمہ بہبود آبادی کے افسران و اہلکاروں اور دیگر متعلقہ افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کی مہمان خصوصی ڈاکٹر زرینہ خان تھیں، جبکہ ڈاکٹر نگہت، ڈاکٹر صادقہ خان، ڈاکٹر فضیلہ، ڈاکٹر زرینہ خان، مسز ڈاکٹر نجم اور ڈاکٹر سکینہ نے مختلف موضوعات پر خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت اور زچہ و بچہ کی بہتر نگہداشت صحت مند اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ عوام تک درست معلومات پہنچانے اور بہتر رہنمائی فراہم کرنے میں طبی ماہرین کا کردار انتہائی اہم ہے۔ ضلعی پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر نسرین گل نے اپنے خطاب میں کہا کہ آبادی سے متعلق آگاہی، ذمہ دار والدین اور صحت مند خاندانوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام میں شعور اجاگر کرنے اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوں گی۔ سیمینار کے دوران سوال و جواب کی نشست بھی منعقد ہوئی، جس میں شرکاء نے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔ اختتام پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے شرکاء میں انعامات تقسیم کیے گئے، جبکہ منتظمین نے مہمان خصوصی، مقررین، اساتذہ، طلبہ اور تمام شرکاء کا کامیاب سیمینار کے انعقاد پر شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے اختتام پر محکمہ بہبود آبادی لورالائی، روز کنسلٹنگ (consultingRiz) اور پی ایس آئی (PSI) کے درمیان باہمی تعاون کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ عوامی خدمت، بہبود آبادی، تولیدی صحت اور خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق آگاہی مہم آئندہ بھی مؤثر انداز میں جاری رکھی جائے گی۔ شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایسے مشترکہ پروگرام عوام میں شعور بیدار کرنے، صحت مند خاندانوں کے فروغ اور ایک خوشحال، متوازن اور پائیدار معاشرے کے قیام میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 06

پیلے بولان کے علاقے میں جاری تعمیراتی کام کے باعث ٹرکوں کی آمد و رفت کو عارضی طور پر شام پانچ بجے کے بعد روکا جاتا تھا، لیکن اب جبکہ بولان میں تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے اور سڑک ہر قسم کی ٹریفک کے لیے کھلی ہے، اس کے باوجود کولپور کے مقام پر پرانے طریقہ کار کے مطابق ہیوی ٹرکوں کو شام پانچ بجے کے بعد روکنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کی شکایات کے مطابق شام پانچ بجے کے بعد بعض پولیس اہلکار ہیوی ٹرکوں سے دو، دو ہزار روپے وصول کرنے کے بعد ہی انہیں آگے جانے کی اجازت دیتے ہیں۔ اگر یہ اطلاعات درست ہیں تو یہ نہایت افسوسناک، قابل مذمت اور قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے، جس کی فوری اور شفاف تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس غیر ضروری روک ٹوک سے ٹرانسپورٹرز کو شدید مالی نقصان، وقت کے ضیاع اور ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہ عمل سراسر ناانصافی اور ناجائز ہے۔ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، آئی جی پولیس بلوچستان اور متعلقہ ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کولپور کے مقام پر ٹرکوں کو بلاجواز روکنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے، مبینہ بھتہ خوری کی شکایات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، بصورت دیگر ایسوسی ایشن اپنے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔

بقیہ 07

سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران دیسی ساختہ بموں کو بھی تباہ کیا۔ ان کارروائیوں میں زمینی اور کواڈ کاپٹر استعمال کیے گئے۔

بقیہ 08

بیانات کی حد تک محدود ہو کر رہ گئی ہے ان کا کوئی کردار نہیں ہے انہیں عوام کے مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں عوام کا ہمدرد اور ان کی مشکلات حل کرنے میں سنجیدہ ہوں۔ نوجوانوں کو روزگار، تعلیم، صحت سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ میرے آباؤ اجداد نے عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے میں ان کے نقش قدم پر چل کر خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہو کر خدمت کا سلسلہ جاری رکھا ہے عوام سے میری اپیل ہے کہ مجھے خدمت کا موقع دیا جائے تاکہ پسماندہ علاقوں کی تعمیر و ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دینے کیلئے اپنا کردار ادا کر سکوں۔

بقیہ 09

پرائیس ڈی پی اور ڈی ایس پی گنداواہ سرکل ذوالفقار علی چندرانی کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی گنداواہ انسپکٹر عبدالرزاق چھجنی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سیڈ فارم کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے ملزمان محمد عالم، طارق حسین سکنہ گوٹھ اخوندانی، کو گرفتار کیا۔ کارروائی کے دوران 68 ہزار روپے نقد، دو موبائل فون اور ایک ایل سی ڈی برآمد کر لی گئی، جو ڈکیتی کے دوران لوٹی گئی تھی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم محمد عالم پہلے بھی تھانہ سٹی گنداواہ میں درج مقدمہ نمبر 22/2026 میں مطلوب تھا۔ پولیس نے بتایا کہ مزید تفتیش جاری ہے اور اس کارروائی سے دیگر جرائم میں ملوث افراد کی گرفتاری کا بھی امکان ہے۔

بقیہ 10

کی بندش کے باعث گھریلو استعمال کے لیے متبادل ذرائع مہنگے داموں خریدنے پڑ رہے ہیں۔ دوسری جانب صارفین کو پہلے ہی زیادہ گیس بل بھیجے جا رہے ہیں جس کا کوئی نوٹس لینے والا نہیں۔ ایک ہفتہ گزرنے کے باوجود انتظامیہ گیس اسٹاک کی فراہمی یقینی نہیں بنا سکی۔ انہوں نے کہا کہ شہری دوہری پریشانی میں مبتلا ہیں ایک طرف گیس دستیاب نہیں اور دوسری طرف بھاری بلز کا بوجھ۔ عوامی حلقوں نے کمشنر رخشان ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر نوشکی سے فوری نوٹس لینے اور پلانٹ کو جلد از جلد بحال کروانے کا مطالبہ کیا تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے گیس کی فراہمی کو ہنگامی بنیادوں پر بحال کیا جائے اور بلنگ کے نظام کا جائزہ لیا جائے تاکہ صارفین کو غیر ضروری بوجھ سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 11

کا میدان ہو، معاشرت کا پہلو ہو یا پھر اقتصادیات کا پہلو ہو۔ اسلام میں خاندان کا تصور نکاح کے بعد میاں بیوی کے درمیان حسن معاشرت، ماں اور بچے کی صحت، اسلام میں بچوں کے بنیادی حقوق مثلاً اچھا نام، تعلیم و تربیت، بچے کی بہتر نشوونما کا حق، بچے کی رضاعت، اولاد میں عدم تفریق اور حمل میں وقفے کا اسلامی تصور۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ یونیسیف کی رپورٹ کے مطابق ہر سال لاکھوں خواتین حمل کے دوران موت کا شکار ہو جاتی ہیں پھر پاکستان میں ماؤں کی اموات کی شرح زیادہ ہونے کے ساتھ اہل پاکستان کے لیے لمحہ فکریہ بھی ہے۔

بقیہ 12

2025-26 کا تفصیلی ریکارڈ طلب کر لیا تھا جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق میونسپل کارپوریشن حب سے ترقیاتی فنڈز کے تحت جاری کیے گئے تمام ٹینڈرز، ٹینڈر نوٹس، اخباری اشتہارات، ٹینڈر کمیٹیوں کی تفصیلات، تمام خریداریوں) کوٹیشن، ٹینڈر راور ای ٹینڈر (مشینری کی خریداری، گاڑیوں کی الاٹمنٹ، ماہانہ پیٹرول و آئل (P.O.L) کے بلز، گاڑیوں کی مرمت کے لاگ بکس، پری آڈٹ رپورٹس، چیک بک رجسٹر، تنخواہوں سرٹیفکیشن، یومیہ اجرت پر کام کرنے والے ملازمین، تحصیلی بلز، کیش بک، اسٹاک رجسٹر، بینک ریکنسلی ایشن، صفائی و میونسپل سروسز کی ادائیگیوں اور استعمال میں موجود مشینری و آلات سے متعلق مکمل ریکارڈ طلب کیا گیا قابل ذکر بات یہ ہے کہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے مذکورہ ریکارڈ طلب کیے جانے کے باوجود ڈیڑھ ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے، تاہم میونسپل کارپوریشن حب کے متعلقہ افسران تاحال اینٹی کرپشن کو مطلوبہ ریکارڈ اور جواب فراہم نہیں کر سکے ہیں، جس کے باعث تحقیقات کی پیش رفت اور ریکارڈ کی فراہمی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔

بقیہ 13

سبی میں پانی کا مصنوعی بحران رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پانی کی فوری فراہمی کے اقدامات نہیں کیے گئے تو پیپلز ریلوے ورکرز سبی 08 اگست کو AEN آفس میں دھرنا دے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مسئلہ کے مستقل حل کیلئے ضروری ہے کہ کالونی میں بورنگ کراتے ہوئے ٹیوب ویل بنائے جائیں۔

بقیہ 14

اعتراف میں اقوام متحدہ سے الحاق شدہ بین الاقوامی تنظیم انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل پیس لیڈرز (IIPL) نے صوبہ پنجاب کا ڈائریکٹر میڈیا افیئرز مقرر کر دیا ہے۔ اس حوالے سے چیئرمین ایم۔ عطا الرحمن (پاکستان)، سیکرٹری جنرل ماریا ویلکے ملکوی (سویڈن) اور وائس چیئرمین ڈاکٹر احمد الوکیل (اردن) کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا نوٹیفکیشن کے مطابق مظہر عباس چوہدری پنجاب میں تنظیم کے میڈیا امور، عالمی امن، بین المذاہب ہم آہنگی، انسانی خدمت اور مثبت صحافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ مظہر عباس چوہدری کی تقرری پر سیاسی، سماجی، صحافتی، مذہبی، کاروباری اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے۔ صحافی برادری نے بھی اس تقرری کو ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور مثبت صحافتی کردار کا اعتراف قرار دیتے ہوئے نیک خواہشات اور امید کا اظہار کیا ہے کہ نو منتخب ڈائریکٹر میڈیا افیئرز پنجاب انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل پیس لیڈر مظہر عباس چوہدری اپنی سابقہ درخشندہ روایات کے مطابق امن کے فروغ رواداری اور انسانیت کی خدمت کے حوالہ سے اپنا بھرپور اور موثر کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 15

تب سے گزشتہ دنوں اوتھل میڈیکل سینٹر اینڈ میٹرنٹی ہوم، سول ہسپتال روڈ اوتھل میں منعقد کیے گئے فری جنرل سرجیکل میڈیکل کیمپ کے بعد سرجری کے مستحق مریضوں کے مفت آپریشنز کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔ مفت آپریشن معروف سرجن ڈاکٹر منظور احمد بلوچ اور ڈاکٹر عبداللہ حسین کی نگرانی میں کیے جا رہے ہیں۔ ڈاکٹر تولا رام لاسی کی خصوصی کاوشوں اور ماہر سرجنز کی پیشہ ورانہ مہارت کے نتیجے میں اب تک مختلف نوعیت کے کامیاب آپریشن کیے جا چکے ہیں۔ عوامی حلقوں نے دیوی بائی خوشحال داس ڈیوآئی ویلفیئر ٹرسٹ اور ڈاکٹر تولا رام لاسی کی فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے اسے ایک قابل تحسین اور مثالی اقدام قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مفت میڈیکل کیمپ کے انعقاد کے بعد ضرورت مند مریضوں کے بلا معاوضہ آپریشنز کا انتظام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹرسٹ دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت عملی اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر تولا رام لاسی کی کاوشوں سے جدید طبی سہولیات غریب، نادار اور مستحق مریضوں کو ان کے اپنے علاقے میں میسر آ رہی ہیں، جس کے باعث انہیں معیاری علاج کی سہولت حاصل ہو رہی ہے۔ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریض بھی ان خدمات سے بھرپور استفادہ کر رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے مزید کہا کہ اس نوعیت کے فلاحی اقدامات معاشرے میں خدمت خلق، انسان دوستی اور ضرورت مند افراد کی مدد کے جذبے کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے دیوی بائی خوشحال داس ڈیوآئی ویلفیئر ٹرسٹ، ڈاکٹر تولا رام لاسی، ڈاکٹر منظور احمد بلوچ اور ڈاکٹر عبداللہ حسین کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی مفت طبی کیمپوں اور بلا معاوضہ آپریشنز کا یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد اس سے مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 16

میں قائم پولنگ سٹیشن نمبر 46 کا ٹرن آؤٹ صفر رہا ایل اے 40 کشمیر ویلی کی پولنگ کیلئے بابو محلہ کے گرلز پرائمری سکول میں پولنگ کا مکمل انتظام کیا گیا تھا پولنگ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد صرف ایک تھی، عملہ راہیں تکتا رہا مگر خاتون ووٹر ووٹ کاسٹ کرنے نہیں آئی ووٹر لسٹ میں واحد خاتون فریال زوجہ سیف الدین کا ووٹ درج ہے جو کاسٹ نہ ہو سکا پولنگ پر باقاعدہ عملہ تعینات کیا گیا اور پولیس کی بھاری نفری بھی تعینات کی گئی تھی۔

بقیہ 17

میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے غلط فیصلوں اور اقدامات کے خلاف اور اپنے مطالبات کے حق میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 7 اور 8 اگست جمعہ اور ہفتہ کو دو روزہ شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دی گئی ہے بلوچستان کے تمام ٹرانسپورٹران کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہیں کیونکہ تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے حکومت اور متعلقہ حکام کو تاجروں کے دیرینہ مسائل کے حل اور انہیں جو بھی مشکلات درپیش ہیں انہیں دور کر کے سہولیات فراہم کرنی چاہئے کیونکہ کسی بھی معاشرے میں اور حکومت کی بہتری کے لئے تاجر برادری ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں جس انداز میں وہ کاروبار کر کے حکومت کو ٹیکس ادا کرتے ہیں اس کے مقابلے میں ان کی مشکلات دور نہیں کی جاتی حکومت کو اس کا ادراک ہونا چاہئے کہ اپنے ٹیکس وصولی کے شعبوں کو سہولیات فراہم کرتے ہوئے انہیں کاروباری سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں اور مشکلات کو دور کرنا چاہئے اور ہم دو روزہ جمعہ اور ہفتہ کو 7 اور 8 اگست کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہیں۔

بقیہ 18

چھے ہمسائے کے ساتھ اچھا رہنے دیا اور نہ ہی داخلی امور پر قومی یکجہتی برقرار رکھنے دی ستم ظریفی یہ ہے کہ پہلے سسٹم کا حصہ بنا کر اچھے اور برے کی تمیز سے عاری اقتدار کے متوالی نااہل چہروں کو قوم پر مسلط کیا جاتا ہے بعد میں اسی ادارے پر براجمان وزیر جو ادارے کو کھوکھلا کر کے خانہ خرابے کے بیج پر لا کھڑا کرتا ہے اور اپنا ٹینیور پورا کرنے کے بعد وہ خود کو مورد الزام ٹھہرانے کے بجائے سسٹم کی خرابے کا واویلا الاپتے نہیں تھکتے ہیں گویا کہ وہ خود ہر آزمائش پر پورا اترتا ہے بس سسٹم کی خرابی اسکے راستے میں بااہل رکاوٹ ہے سسٹم کی خرابی سے ملک کی ترقی کا پہیہ ہر جنگل سے رک چکا ہے یہی وجہ ہے کہ افراتفری، انتہا پسندی، لسانی تضاد، دہشت گردی، کرپشن و لوٹ مار، گرانفروشی اور عدم تحفظ اس ملک کا مقدر بنا دیا گیا ہے ان سب کے ذمہ دار ہمارے وہ ناقص پالیسی میکرز اور اسٹیبلشمنٹ ہیں جنہوں نے 26 کروڑ عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں صدیوں سے رہنے والے محکوم اقوام کی حق تلفی ناقابل برداشت ہے۔ پشتون قوم کی حقوق پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کریں گے ہمارے آباؤ اجداد نے قیام پاکستان سے پہلے پورے برصغیر کو برطانوی تسلط سے آزاد کرایا تھا اس لئے پشتون افغان نسل پورے برصغیر میں پھیلا ہوا ہے جو لوگ تاریخ سے ناآشنا ہیں وہ یہ سمجھ لے کہ ملک کیلئے پشتون افغان قوم کی گراں قدر قربانیاں روز روشن کی طرح عیاں ہیں ہمارے غیور اکابرین نے انگریز فرنگی کو برصغیر سے مار بھگانے میں اہم رول ادا کیا تھا اور پاکستان کے قیام میں ان گنت قربانیاں دی گئی ہیں۔

بقیہ 19

نے میں فوری کارروائی کریں۔ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی کی عوام عرصہ دراز سے پینے کے پانی کے لیے در پدری کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں محکمہ پبلک ہیلتھ کے آفیسران تنخواہیں لورالائی سے اور دیگر امور کوئٹہ سے چلا رہے ہیں پبلک ہیلتھ کے پانی کی مین پائپ لائن شہر کے جنکشن نالوں کے اندر سے گزر رہے ہیں اور جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں تقریباً چھ ماہ سے پانی کا ایک قطرہ بھی نلوں میں نہیں آیا ہے کبھی کبھار غلطی سے کسی علاقے میں پانی چھوڑ دیا جاتا ہے وہ پانی گٹر کا پانی اور انتہائی بدبودار ہوتا ہے اور اس پانی سے لورالائی کے شہری اور بچے پولیو اور ہیپاٹائٹس کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں محکمہ پبلک ہیلتھ کی جان بوجھ کر شہر کا پانی فراہم نہیں کر رہا ہے کیونکہ ٹینکر مافیا اور کو ماہانہ بھتے کی بھاری رقم فراہم کرتے ہیں لورالائی کے عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ اور ڈپٹی کمشنر لورالائی سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ سے چلانے والوں کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے لورالائی کے باسیوں کو پانی فراہم کرنے کے احکامات جاری کریں عوام کو بنیادی سہولیات پہنچانا اسٹیٹ کی ذمہ داری ہے

بقیہ 20

پانچ سال کے سقوط کے بعد افغان نیشنل آرمی کی وردی اور سہ رنگی پرچم کے ساتھ منظر عام پر آ گئے۔ اطلاعات کے مطابق جنرل سمیع سادات کے مطابق اتوار کی صبح 5 بجے کابل وقت کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کو طالبان کے خلاف جنگی کارروائیاں شروع کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ جنرل سمیع سادات نے کہا کہ طالبان ارکان، اڈوں اور قیادت کو نشانہ بنانے کے ساتھ فوجی کارروائیوں کا پہلا مرحلہ شروع کیا گیا ہے بعد ازاں مختلف مراحل میں آگے بڑھیں گی۔ فوجی کارروائیوں کو سیاسی، سفارتی اور عوامی کوششوں کے ساتھ ملا کر افغانستان کی آزادی حاصل کی جائے گی۔ جنرل سمیع سادات نے کہا کہ تقریباً پانچ برس افغان عوام اور سول سوسائٹی کی پکار عالمی برادری نے نظر انداز کی، طالبان سے مذاکرات ناکام ہو چکے ہیں۔ ہماری جنگ آزادی کی جنگ ہے، افغان عوام پانچ برس سے ناقابل بیان انسانی حقوق کی پامالیوں کا شکار ہیں۔ طالبان کے ساتھ بین الاقوامی دہشت گردی افغانستان واپس آ چکی، قدرتی وسائل لوٹ کر دہشت گرد تنظیموں میں تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ افغان عوام اپنی تقدیر اپنے ہاتھ میں لے کر طالبان کی جابرانہ حکمرانی کے خلاف مسلح جدوجہد کریں۔ اندرون و بیرون افغانستان تمام افغان شہری سہ رنگی پرچم تلے متحد ہو کر ملک کے مستقبل کی جنگ میں شریک ہوں۔ جنرل سمیع سادات نے تمام افغان رہنماؤں سے متحد ہو کر طالبان کے خلاف لڑنے، عوام کے لیے وطن واپس آنے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ ہم اپنے ہمسایہ ممالک کے خلاف نہیں، طالبان ہی دہشت گرد گروہوں کو منظم اور معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ افغان نیشنل آرمی کا حقیقی تسلسل، پیشہ ور اور محب وطن افغان جرنیل قیادت کر رہے ہیں۔ غیر ملکی فوج یا اڈے نہیں چاہئیں، صرف سیاسی و مادی تعاون درکار، طالبان، القاعدہ، داعش، ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروہوں سے لڑیں گے۔ 2004 کے آئین، بین الاقوامی انسانی قانون اور لویہ جرگہ کے تحت آزاد آئینی افغانستان کی بحالی ہمارا مقصد ہے۔

بقیہ 21

پی محکمہ اریگیشن کے دیگر افسران و عملہ اور قبو ڈسٹری کے زمینداروں نے شرکت کی اجلاس میں قبو ڈسٹری کے ٹیل اینڈ تک آبپاشی کے پانی کی منصفانہ، شفاف اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ قبو ڈسٹری سے باغ ہیڈ تک کھیرتھر کینال کے تمام واٹر کورسز کو 48 گھنٹوں کے لیے بند رکھا جائے گا، تاکہ پانی کی روانی میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرتے ہوئے پانی بلا تعطل قبو ڈسٹری کے ٹیل اینڈ تک پہنچ سکے۔ مزید برآں یہ بھی طے پایا کہ قبو ڈسٹری کے بالائی حصے میں واقع 13 واٹر کورسز کو ہر ہفتے 72 گھنٹوں کے لیے بند رکھا جائے گا اس اقدام کا مقصد ہفتہ وار بنیادوں پر پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا اور ٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو ان کا جائز حق فراہم کرنا ہے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ خانگی سے باغ ہیڈ تک کھیرتھر کینال پر قائم تمام غیر قانونی واٹر کورسز اور غیر قانونی پائپوں کے خلاف بلاامتیاز آپریشن جاری رکھا جائے گا تاکہ پانی کی چوری کا خاتمہ کیا جا سکے اور نہری پانی کی فراہمی کو شفاف بنایا جا سکے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال نے کہا کہ ٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو ان کا جائز حق دلانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے انہوں نے واضح کیا کہ پانی کی منصفانہ تقسیم میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے محکمہ اریگیشن، مقامی زمینداروں اور دیگر متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ باہمی تعاون اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تاکہ پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا سکے اور ہر آبادگار کو اس کا مقررہ حصہ بروقت فراہم ہو۔

بقیہ 22

تھا پولنگ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد صرف ایک تھی، عملہ راہیں تکتا رہا مگر خاتون ووٹر ووٹ کاسٹ کرنے نہیں آئی ووٹر لسٹ میں واحد خاتون فریال زوجہ سیف الدین کا ووٹ درج ہے جو کاسٹ نہ ہو سکا پولنگ پر باقاعدہ عملہ تعینات کیا گیا اور پولیس کی بھاری نفری بھی تعینات کی گئی تھی۔

بقیہ 23

عبدالبصیر، حاجی قاسم خان خلجی، مولانا محمد شعیب جدون، عبدالصمد حقیار، مولوی علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا، مولانا محمد عارف شمشیر، مولانا نقیب اللہ ملاخیل اور حاجی عطا محمد شمشوزئی اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر یونٹوں کی مجالس عاملہ، تنظیمی کارکردگی، کارکنوں کی فعالیت، جمعیت کے ماتحت مختلف شعبہ جات شعبہ اطلاعات، شعبہ مالیات، شعبہ انصار الاسلام اور ڈیجیٹل میڈیا کی کارکردگی اور درپیش تنظیمی و عوامی مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ تنظیم کو مزید فعال، منظم اور عوامی خدمت کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے جماعت کی جانب سے ضروری ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ بعد ازاں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق اور ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مین اللہ شمس نے دوروں کی کامیاب تکمیل پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو گزشتہ سات دہائیوں سے ایسے حکمرانوں نے نقصان پہنچایا ہے جو عوامی مینڈیٹ کے بجائے طاقت یا دیگر غیر جمہوری ذرائع سے اقتدار میں آتے رہے، جس کے باعث قومی ادارے، معیشت اور عوام شدید بحرانوں کا شکار ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہی ملک میں آئین کی بالادستی، حقیقی جمہوریت، عوامی حقوق اور دیانت دار قیادت کے فروغ کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے، اور تنظیمی دوروں کا مقصد کارکنوں سے رابطے مضبوط بنانا، تنظیم کو نچلی سطح تک مزید فعال کرنا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کرنا ہے۔

بقیہ 24

فیسر ڈاکٹر خالد حفیظ کو پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC) کی جانب سے ملک میں انجینئرنگ تعلیم کے نظام، نصاب اور تدریسی طریقہ کار کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے قائم کی گئی اعلیٰ سطحی ٹاسک فورس برائے انجینئرنگ ایجوکیشن ریفارمز کا مشیر نامزد کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ پاکستان انجینئرنگ کونسل کے چیئرمین انجینئر وسیم نذیر کی زیر صدارت منعقدہ 48ویں وائس چانسلرز کمیٹی اجلاس میں کیا گیا، جہاں ملک کی ممتاز انجینئرنگ جامعات کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ (GIK) کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر فضل اے خالد کی سربراہی میں پانچ رکنی ٹاسک فورس تشکیل دی گئی، جس کا مقصد پاکستان میں انجینئرنگ تعلیم سے متعلق قواعد و ضوابط، نصاب اور تدریسی نظام کا از سر نو جائزہ لے کر انہیں جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، صنعتی ضروریات، تحقیق اور عالمی معیار کے مطابق ہم آہنگ بنانا ہے۔ بطور مشیر، وائس چانسلر BUITEMS انجینئر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اپنی علمی، تدریسی اور پیشہ ورانہ مہارت کی بنیاد پر انجینئرنگ نصاب، تدریسی حکمت عملی اور تعلیمی اصلاحات کی تشکیل میں اہم کردار ادا کریں گے، تاکہ پاکستان کی انجینئرنگ تعلیم کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا سکے۔ اجلاس کے دوران for 2035 Vision PEC Education Engineering کی بھی رونمائی کی گئی، جو انجینئرنگ تعلیم کے فروغ، تحقیق، صنعت اور جامعات کے درمیان مضبوط روابط، فارغ التحصیل انجینئرز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور عالمی سطح پر پاکستان کی مسابقت بڑھانے کے لیے ایک جامع قومی روڈ میپ فراہم کرے گا۔ اجلاس میں شریک تمام وائس چانسلرز نے پاکستان انجینئرنگ کونسل کی اصلاحاتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں انجینئرنگ تعلیم کے مستقبل کے لیے ایک بروقت اقدام قرار دیا۔ ڈاکٹر خالد حفیظ کی اس اعلیٰ قومی فورم پر بطور مشیر نامزدگی بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کی تعلیمی برتری، تحقیقی صلاحیتوں اور انجینئرنگ تعلیم میں قائدانہ کردار کا اعتراف ہے۔ یہ اعزاز اس امر کی بھی عکاسی کرتا ہے کہ BUITEMS نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان میں اعلیٰ تعلیم، انجینئرنگ اور تحقیق میں ایک مؤثر اور فعال ادارے کے طور پر اپنی شناخت قائم کر رہا ہے۔ یونیورسٹی کے اساتذہ، افسران اور طلباء نے اس اعزاز پر وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ کو مبارکباد پیش کی۔

بقیہ 25

کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو ہدایت کی تھی کہ تمام تر وسائل بروئے کار لا کر طالب علم کو بازیاب کیا جائے جس پر پولیس نے باپ کی مدعیت میں نامعلوم اغوا کاروں کے خلاف اغوا کا مقدمہ درج کیا تھا گزشتہ روز پولیس نے بلوچستان سے بازیاب کرا لیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر قانون نے ڈی پی او رحیم یار خان اور پولیس ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پولیس کی بروقت پیشہ وارانہ موثر کارروائی قابل تحسین ہے انہوں نے بازیاب ہونے والے ماجد اسلم کے والدین کو بھی بازیابی پر مبارکباد دی انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے ذمہ داری اور پیشہ وارانہ مہارت کا بہترین مظاہرہ کیا ہے طالب علم کی بازیابی کیلئے وفاقی تحقیقاتی ادارے کے علاوہ حکومت بلوچستان نے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

بقیہ 26

تقرریاں عمل میں لائی گئی ہیں تو یہ نہ صرف ضابطہ کار کی خلاف ورزی ہے بلکہ شفافیت پر بھی ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان مبینہ غیر قانونی تعیناتیوں کی فوری، غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور تمام بھرتیاں قانون، میرٹ اور سروس رولز کے مطابق کی جائیں۔ اور جتنے بھی بندے ٹیکنیکل پوسٹوں میں تعینات کی گئی ہے پہلے ان کے ڈاکومنٹس اور ان کے ڈپلومہ ویریفائیڈ کیے جائیں محکمہ صحت ڈسٹرکٹ خضدار کے ملازمین کا بھی یہی مطالبہ ہے کہ انصاف، میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ اہل اور مستحق امیدواروں کے حقوق محفوظ رہیں۔ میں بحیثیت سابقہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر محمد نسیم لانگو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سیکرٹری ہیلتھ مجیب الرحمن پانی زئی صاحب سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ میرٹ کی پامالی کو روکا جائے اور حقداروں کو ان کے حق فراہم کی جائے اور میرٹ پر بھرتیاں کی جائے۔

بقیہ 27

کیمرہ مین مجیب اللہ خان اچکزئی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ واقع حاجی غیبی روڈ، کوئٹہ جا کر دلی افسوس اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ وفد نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی، اللہ تعالیٰ کے حضور ان کی مغفرت، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی۔ جبکہ سوگوار خاندان سے تعزیت کرتے ہوئے انہیں صبر جمیل کی تلقین کی۔ اس موقع پر غلام نبی مری نے کہا کہ والدہ اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت اور بے مثال رحمت ہوتی ہیں۔ ماں کی محبت، شفقت، ایثار اور دعائیں انسان کی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتی ہیں۔ والدہ کی وفات ایک ایسا ناقابل تلافی نقصان ہے جس کا خلا کبھی پر نہیں ہو سکتا، تاہم اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنا ہی ایک مومن کی شان ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ اور آزمائش کی اس گھڑی میں ہم مجیب اللہ خان اچکزئی اور ان کے تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی قبر کو نور سے بھر دے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل، استقامت اور یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ آخر میں وفد نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر و اجر کی دعا کرتے ہوئے یقین دلایا کہ اس غم کی گھڑی میں بی این پی کی قیادت اور کارکنان مجیب اللہ خان اچکزئی کے خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 28

زمان یوسفزئی صوبائی چیئرمین، میڈم کنیز فاطمہ مینگل صوبائی نائب صدر فیمیل، میڈم شازیہ علی ہزارہ صوبائی جوائنٹ سیکرٹری فیمیل، دوست محمد صوبائی نائب صدر اول، علی احمد بلوچ صوبائی نائب صدر دوئم، امان اللہ محمد حسنی صوبائی جوائنٹ سیکرٹری، محمد عامر صوبائی کلچرل سیکرٹری، شاہنواز صوبائی سیکرٹری سوشل آؤٹ ریچ، عبدالقہار کاکڑ صوبائی پروگرام سیکرٹری، نورالامین خان صوبائی سیکرٹری ادبیات، ایڈوائزری کونسل ممبران میں صدر اعظم محمد فہیم اصغر کلیم اللہ، خادم حسین مینگل، عتیق الرحمن، عتیق بلوچ منتخب ہوئے۔ آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے نو منتخب صدر محمد نواز چندرانی، جنرل سیکرٹری امان اللہ خان ترین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام ممبران کے مشکور ہیں جنہوں نے ان پر اعتماد کیا۔ انہوں نے بلوچستان میں نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری طور پر کام شروع کیا جائے گا جن میں محکمہ تعلیم بلوچستان اور رجسٹریشن اتھارٹیز کے ساتھ مل کر رجسٹریشن، این او سی (NOC) اور دیگر دفتری امور کو آسان اور شفاف بنانا، یکساں تعلیمی معیار، صوبے بھر کے تمام نجی سکولوں میں جدید تعلیمی سہولیات، اساتذہ کی تربیت اور بہترین نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں کو فروغ دینا مشترکہ تحفظ و اتحاد: پرائیویٹ سکولوں کے حقوق کا تحفظ کرنا اور تعلیمی اداروں کو درپیش معاشی و انتظامی چیلنجز پر یکجہتی کے ساتھ آواز اٹھانا، والدین اور اداروں میں اساتذہ، سکول انتظامیہ اور والدین کے درمیان بہترین ہم آہنگی پیدا کرنا تاکہ بچوں کی تعلیم متاثر نہ ہو۔ نئی کابینہ کے عہدیداروں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ "بلوچستان میں تعلیم کا فروغ ہماری پہلی ترجیح ہے، اور ہم پرائیویٹ سکولوں کے جائز حقوق اور مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر متحرک کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 29

ور گاڑی میں سولر پینل لے کر جا رہے تھے کہ مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر ان سے گاڑی جس میں کروڑوں روپے کے سولر پینل، موبائل فون، سم کارڈ، نقدی اور دیگر قیمتی سامان چھین کر لے گئے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 30

فراد شدید زخمی ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق جاں بحق اور زخمی ہونے والے تمام افراد کا تعلق ضلع زیارت کے علاقے سنک سے ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دی اور علاج کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کیا۔ ذرائع کے مطابق حادثہ ٹریکٹر کے بے قابو ہونے کے باعث پیش آیا، جبکہ انتظامیہ اور متعلقہ حکام نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں

بقیہ 31

مکمل خاتمہ نہیں، بلکہ اس کے کردار، نوعیت اور طرز عمل میں تبدیلی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ ممکن ہے ہم حکومت کی تبدیلی سے مراد مکمل اقتدار کا خاتمہ نہ دیکھیں، لیکن خود اس نظام کی نوعیت میں تبدیلی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی حکومت کا رویہ ہمیشہ بیرونی مداخلت اور توسیع پسندانہ پالیسیوں پر مبنی رہا ہے، وہ صرف ایران پر حکمرانی نہیں کرنا چاہتے بلکہ پورے خطے پر اپنا اثر و رسوخ قائم کرنا چاہتے ہیں، اس صورتحال کو تبدیل ہونا ہوگا اور اسے تبدیل کرنے کا واحد راستہ یہ ہے کہ ان پر ایسا دباؤ ڈالا جائے جسے وہ مزید برداشت نہ کر سکیں۔ امریکی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ حکومت کی تبدیلی اور نظام کی مکمل تبدیلی کے درمیان عملی فرق موجود ہے کیونکہ ان کے مطابق کسی مخصوص معاہدے کے برعکس کسی حکومت کے رویے کو تبدیل کرنا ایک ایسا عمل ہے جس کا کوئی واضح اختتامی نقطہ نہیں ہوتا۔ مارکو روبیو نے مزید کہا کہ جوہری معاہدہ کیا جا سکتا ہے اور اس پر عمل درآمد کی تصدیق بھی کی جا سکتی ہے تاہم کسی حکومت کو اپنی علاقائی حکمت عملی ترک کرنے پر مجبور کرنا ایک مسلسل عمل ہے، اس لیے اس دباؤ کے خاتمے کے لیے کوئی واضح مدت مقرر نہیں کی جا سکتی

بقیہ 32

پر شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی صدر سے کشیدگی میں کمی لانے اور ایران پر حملوں سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قطر، متحدہ عرب امارات، ترکیہ اور پاکستان بھی امریکا پر زور دے رہے ہیں کشیدگی کم کرے۔ ادھر قطری ثالثوں کا ایرانی وزیر خارجہ، ٹرمپ کے نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور عمانی اہلکاروں سے رابطہ ہوا ہے۔ دوسری جانب امریکی ویب سائٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کھلوانے کے لیے معاہدہ کرنے کی کوشش میں بھی کچھ پیشرفت ہوئی ہے۔

بقیہ 33

ئے اچھے اور باکردار لوگوں کو کابینہ میں شامل کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں جہانگیر شاہ نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا بیان بالکل درست ہے اسوقت پورے ملک کا سسٹم بیٹھ چکا ہے عوام کے مسائل حل نہیں ہو رہے ہیں مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر وفاقی کابینہ میں تبدیلی کرتے ہوئے اہل اور کارکردگی دکھانے والے ارکان اسمبلی کو وفاقی وزیر بنائیں تاکہ عوام کے مسائل حل ہو سکیں اور ان میں پائی جانے والی مایوسی کا خاتمہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اسکی تعمیر و ترقی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو سیاست سے بالاتر ہو کر ایک جگہ بیٹھ کر کوئی ایسا لائحہ عمل طے کرنا ہوگا جس سے ملک ترقی کر سکے کیونکہ اگر ملک ہو گا تو سیاست بھی ہوگی۔ سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ بلوچستان میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کارکردگی قابل تعریف ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان تمام فیصلے گورنر بلوچستان کو اعتماد میں لیکر کرتے ہیں جو ایک خوش آئند بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ارکان قومی و صوبائی اسمبلی اور تمام سینئر کارکنوں کو چاہئے کہ وہ اپنے اختلافات بالاتر کو مسلم لیگ (ن) کو فعال بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ حاجی ولی محمد نورزئی کو فوری طور پر عہدے کا قلمدان تبدیل کر کے پی ایچ ای کا محکمہ دی جائے اسی طرح نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور زرک خان مندوخیل کو بھی وزارت دی جائے تاکہ وہ عوام کی مزید بہتر طریقے سے خدمت کر سکیں

بقیہ 34

مجیب اچکزئی اور دیگر لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اہل خانہ کو صبر جمیل نصیب فرمائے۔ فاتحہ خوانی عبدالعزیز خان مسجد، حاجی غیبی روڈ، شالدرہ، نزد دوحمام چوک میں جاری ہے۔

بقیہ 35

نے والی آبادی موجود ہے اور پولیو وائرس کی گردش (وائرس سرکولیشن) کا خطرہ برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام حکومت کی جانب سے پولیو وائرس کی منتقلی کو روکنے اور ہر بچے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانے کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے 2 لاکھ 9 ہزار 557 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے 862 موبائل، فیلڈ ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں، جبکہ 61 فکسڈ ویکسینیشن مراکز اور 72 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں، جہاں سفر کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انعام الحق نے والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والوں سے اپیل کی کہ وہ فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ پانچ سال سے کم عمر ہر بچہ، چاہے اسے پہلے بھی متعدد بار پولیو ویکسین پلائی جا چکی ہو، اس خصوصی مہم کے دوران بھی لازمی طور پر پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پیئے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو وائرس اب بھی صوبے کے بعض علاقوں میں موجود ہے اور اس خطرناک بیماری سے مستقل تحفظ کا واحد مؤثر ذریعہ صرف بروقت اور بار بار پولیو ویکسینیشن ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ہر وہ بچہ جو پولیو کے قطرے پینے سے رہ جاتا ہے، وائرس کے پھیلاؤ کے خطرے میں اضافہ کرتا ہے۔ ای او سی کوآرڈینیٹر نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ویکسین سے انکار نہ کریں اور اپنے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانے میں حکومت اور محکمہ صحت کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کی انتھک خدمات کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت مسلسل اور مؤثر پولیو مہمات کے ذریعے بلوچستان اور پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انعام الحق نے اس بات پر زور دیا کہ منہ کے ذریعے پلائی جانے والی پولیو ویکسین کی بار بار خوراکیں محفوظ، مؤثر اور بچوں میں وائرس کے خلاف مضبوط قوت مدافعت پیدا کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔ انہوں نے تمام مکاتب فکر اور عوام سے اپیل کی کہ وہ اس خصوصی مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 36

کیا گیا۔ محکمہ کے مطابق زیر گردش نوٹیفکیشن کی کوئی قانونی یا سرکاری حیثیت نہیں، لہٰذا والدین، اساتذہ، طلبہ اور عوام الناس اس پر یقین نہ کریں اور اسے مکمل طور پر نظر انداز کریں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن نے ہدایت جاری کی ہے کہ پہلے سے جاری کردہ سرکاری شیڈول کے مطابق سمر اور ونٹر زون کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے پیر، 3 اگست 2026 سے معمول کے مطابق دوبارہ کھلیں گے۔ محکمہ نے تمام ڈائریکٹرز آف ایجوکیشن (اسکولز)، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور تعلیمی اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ احکامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں اور اس سرکاری وضاحت کو اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے تمام سرکاری و نجی تعلیمی اداروں تک فوری طور پر پہنچائیں، تاکہ جعلی نوٹیفکیشن کے باعث کسی قسم کی غلط فہمی پیدا نہ ہو۔

بقیہ 37

سے لڑائی دشمنی نہیں چاہتے قانون کے مطابق اپنا جائز حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ انہوں نے اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرا کر ہمیں ہمارا حق دیا جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔

بقیہ 38

ی ولی افغان، حاجی اسلم ترین، حاجی ظہور کاکڑ، حاجی فاروق شاہوانی، حاجی داؤد خلجی، حاجی عبدالباقی نورزئی، راجہ محمد ایوب گجر، ولی محمد ترین، اسد خان، اکمل خان، مطیع اللہ، بخت کاکڑ، عبدالحکیم الکوزئی، بشیر خان تحجرانی، زبیر احمد لہڑی اور دیگر عہدیداروں نے مشترکہ بیان میں کہی رہنماؤں نے کہا کہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی جانب سے آئے روز تاجروں کی بلاجواز تذلیل، دکانوں کا سامان سڑکوں پر پھینکنے، حلیم پلازہ کے متاثرہ تاجروں کو تاحال معاوضہ ادا نہ کرنے اور دہشت گردی کے مختلف واقعات میں متاثر ہونے والے تاجروں کو نقصانات کا ازالہ نہ کیے جانے کے باعث تاجر برادری شدید اضطراب کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی تا کوئٹہ اور تفتان تا کوئٹہ قومی شاہراہوں پر مال بردار گاڑیوں کی لوٹ مار، بسوں، ٹرکوں اور گیس بردار گاڑیوں پر حملے، گاڑیوں کو نذر آتش کرنے اور بے گناہ مسافروں کے قتل و زخمی ہونے کے بڑھتے ہوئے واقعات نے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کیا ہے بلکہ تاجروں اور شہریوں میں بھی شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جناح کلاتھ مارکیٹ، عسکری مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کے کرایہ دار دکانداروں کو بے دخل کرنے کی کوششیں، عدالتی فیصلوں کے باوجود تاجروں کو مسلسل ہراساں کرنا اور طاقت کے ذریعے مسائل حل کرنے کی پالیسی ناقابل قبول ہے۔ انجمن تاجران نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ حکام طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا مستقل اور منصفانہ حل نکالیں۔ تاجر رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا رویہ تاجروں کے ساتھ غیر مناسب اور ظالمانہ ہے، جس کے باعث تاجروں میں شدید بے چینی پائی جا رہی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر سنجیدہ مذاکرات کا آغاز نہ کیا گیا تو احتجاجی تحریک میں مزید شدت لائی جا سکتی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ بیان میں حکومت بلوچستان، چیف سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا گیا کہ تاجروں کے جائز مطالبات پر فوری مذاکرات کیے جائیں اور عدالتی فیصلوں، قانونی دستاویزات اور حقائق کی روشنی میں تمام مسائل کا مستقل حل نکالا جائے۔ انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) نے واضح کیا کہ اگر حکام نے فوری مذاکرات نہ کیے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اپنا رویہ تبدیل نہ کیا اور تاجروں کے آئینی و قانونی حقوق کو مسلسل نظر انداز کیا گیا تو 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جائے گی۔ اس موقع پر تمام مارکیٹ ایسوسی ایشنز، تاجر تنظیموں، ٹرانسپورٹرز، وکلاء، سیاسی و مذہبی جماعتوں اور سول سوسائٹی سے ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور تعاون کی اپیل بھی کی گئی۔ انجمن تاجران بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ تصادم کے بجائے مذاکرات اور افہام و تفہیم کے ذریعے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، تاہم اگر تاجروں کے آئینی اور قانونی حقوق پامال کیے گئے تو تاجر برادری اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر جمہوری اور قانونی راستہ اختیار کرے گی۔

بقیہ 39

میں کوئلے کی کان میں پیش آنے والا المناک حادثہ انتہائی افسوسناک اور دلخراش ہے، جس میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے کان کنوں کا تعلق خیبر پختونخوا کے دور دراز علاقوں سے تھا جو اپنے گھروں کے بہتر مستقبل اور روزگار کے حصول کے لیے بلوچستان آئے تھے اور اپنے خاندانوں کے واحد یا اہم کفیل تھے۔ انہوں نے کہا کہ کوئلے کی کانوں میں مناسب حفاظتی انتظامات اور حفاظتی اصولوں پر مؤثر عملدرآمد نہ ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔ اتنی بڑی تعداد میں کان کنوں کا جاں بحق ہونا اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ کان کنوں کی جانوں کے تحفظ کے لیے مطلوبہ حفاظتی اقدامات کو یقینی نہیں بنایا گیا۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو محض حادثے کے بعد کارروائیوں تک محدود رہنے کے بجائے کانوں میں حفاظتی انتظامات کی باقاعدہ نگرانی اور قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ حادثے کے بعد جاں بحق کان کنوں کی میتوں کو مناسب ایمبولینسز فراہم نہ کرنا اور لاشوں کو گاڑیوں کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا جانا بھی انتہائی افسوسناک ہے۔ یہ صورتحال حکومت اور متعلقہ کان مالکان کی جانب سے کان کنوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ عدم توجہی اور انتظامی ناکامی کی عکاسی کرتی ہے۔ جاں بحق افراد محض مزدور نہیں بلکہ اپنے خاندانوں کے لیے روزی کمانے والے باپ، بھائی اور بیٹے تھے، جن کی اچانک وفات سے ان کے خاندان معاشی مشکلات اور غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور کوئلے کی کانوں کے مالکان کی ذمہ داری بنتی ہے کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے کان کنوں کے لواحقین کو فوری اور باعزت مالی معاوضہ فراہم کیا جائے اور ان خاندانوں کی آئندہ زندگی اور مستقل گزر بسر کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ صرف ایک مرتبہ معاوضہ دے کر ذمہ داری پوری نہیں ہوتی بلکہ جن خاندانوں نے اپنے کفیل کھو دیے ہیں، ان کے بچوں کی تعلیم، خاندانوں کی کفالت اور مستقبل کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ حکومت جاں بحق کان کنوں کے لواحقین کے لیے فوری طور پر خصوصی مالی پیکیج کا اعلان کرے، کان مالکان کو بھی متاثرہ خاندانوں کی مالی معاونت کا پابند بنایا جائے اور زخمی و متاثرہ کان کنوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور حفاظتی اقدامات میں غفلت کے ذمہ دار عناصر کا تعین کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ بلوچستان کی تمام کوئلے کی کانوں میں حفاظتی انتظامات کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مستقبل میں کوئی غریب مزدور محض روزگار کے حصول کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالنے پر مجبور نہ ہو۔ تاجر رہنماؤں نے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے جاں بحق کان کنوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری تاجر برادری متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ لواحقین کو فوری ریلیف اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے

بقیہ 40

جنرل باڈی اجلاس میں گزشتہ سال کے دوران منعقد کیے گئے ادبی سرگرمیوں، تقریبات، نشر و اشاعت اور پراجیکٹس کے بارے میں ممبران کو آگہی دی گئی۔ اس کے علاوہ سالانہ رپورٹ میں بلوچی اکیڈمی کے سالانہ اخراجات کے بارے میں بریفنگ دی گئی اور منظوری لی گئی۔ جنرل سیکریٹری عرفان جمالدینی نے سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ اکیڈمی نے انسائیکلوپیڈیا پراجیکٹ کے حوالے سے کافی پیش رفت کی ہے اور اس سال کے آخر میں پہلی جلد پر کام مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچی اکیڈمی نے پہلی دفعہ بلوچی او سی آر (Character Optical Recognition) تیار کیا ہے تاکہ تصاویر یا پی ڈی ایف کو ٹیکسٹ کی صورت میں منتقل کیا جا سکے۔ اس پراجیکٹ کے تحت بلوچی کی نایاب کتب اور مسودات کو دوبارہ قابل اشاعت بنانے میں آسانی ہوگی۔

میٹروپولیٹن کارپوریشن کی کارروائیوں، امن وامان کی خراب صورتحال اور تاجروں کے مطالبات منظور نہ ہونے پر احتجاج کا فیصلہ

انجمن تاجران بلوچستان کا 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

مختلف واقعات میں متاثر ہونے والے تاجروں کو نقصانات کا ازالہ نہ کیے جانے کے باعث تاجر برادری شدید اضطراب کا شکار ہے

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے تاجروں کے خلاف مبینہ کارروائیوں، قومی شاہراہوں پر امن وامان کی ابتر صورتحال، دہشت گردی کے واقعات اور تاجروں کے مطالبات پر عملدرآمد نہ ہونے کے خلاف 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے یہ بات انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹر(باقی صفحہ 3 نمبر38)

مجھے اور خاندان کو جدی پشتی جائیداد سے دھونس دھمکیوں کے ذریعے مرعوب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، امداد علی

ہم اپنے جائز حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) کلی اسماعیل کوئٹہ کے رہائشی امداد علی نے کہا ہے کہ مجھے اور خاندان کو جدی پشتی جائیداد سے دھونس دھمکیوں کے ذریعے مرعوب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ جس کی وجہ سے مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے ہم اپنے جائز حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ آبائی جائیداد میں جائز حق سے محروم کرنے کیلئے دولت، ابراہیم، لال محمد، ممتاز، ہاشم محمد، محبوب اور دیگر ہمیں دھونس دھمکیوں کے ذریعے مرعوب کرنا چاہتے ہیں۔ ہم پرامن لوگ ہیں کسی (باقی صفحہ 3 نمبر37)

موسم گرما کی تعطیلات میں توسیع سے متعلق گردش کرنے والے نوٹیفکیشن جعلی، من گھڑت ہے، محکمہ اسکول ایجوکیشن

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان نے موسم گرما کی تعطیلات میں توسیع سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے نوٹیفکیشن کو جعلی، من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ محکمہ کی جانب سے اس حوالے سے کوئی نیا نوٹیفکیشن جاری نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر36)

پولیو وائرس کی گردش، وائرس سرکولیشن کا خطرہ برقرار ہے، انعام الحق

کوئٹہ، پیر سے 13 اضلاع کی 62 ہائی رسک یونین کونسلز میں خصوصی انسداد پولیو مہم شروع ہوگی، خطاب

کوئٹہ، خصوصی پولیو مہم کے دوران 2 لاکھ 9 ہزار 557 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان پیر سے صوبے کے 13 اضلاع کی 62 ہائی رسک یونین کونسلز میں خصوصی انسداد پولیو مہم کا آغاز کرے گا۔ اس مہم کا مقصد ان علاقوں میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو جیسے عمر بھر کی معذوری کا باعث بننے والے وائرس سے محفوظ بنانا ہے۔ ای او سی بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے کہا کہ یہ خصوصی مہم ان علاقوں میں چلائی جارہی ہے جہاں زیادہ نقل وحرکت، کر(باقی صفحہ 3 نمبر35)

کوئٹہ: چمن پھاٹک کے قریب ایک کپڑا فروش اپنے سیٹ اپ کے پاس آرام کررہا ہے

مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، سید جہانگیر شاہ

پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو سیاست سے بالاتر ہوکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

اپنے اختلافات بالاتر کو مسلم لیگ (ن) کو فعال بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے جس کی تعمیر وترقی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو سیاست سے بالاتر ہوکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا یہ کہنا کہ سسٹم بیٹھ چکا ہے درست ہے وزیراعظم پاکستان کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر وفاق کابینہ میں تبدیلی کرتے ہو(باقی صفحہ 3 نمبر33)

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور امریکی صدر ٹرمپ کا ٹیلیفونک رابطہ

شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی صدر سے کشیدگی میں کمی لانے اور ایران پر حملوں سے گریز کرنے کا مطالبہ

واشنگٹن، ریاض (آن لائن) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ سعودی ولی عہد نے ایران پر امریکا کی جانب سے بڑے حملوں کے منصوبے پر تشویش کا اظہار کیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق اس موقع (باقی صفحہ 3 نمبر32)

7 اگست کو بلوچستان کی تمام شاہراہیں بند ہوں گی، مولانا ہدایت الرحمن

مختلف علاقوں سے نوجوانوں کا جماعت اسلامی میں شمولیت خوش آئند ہے، رکن بلوچستان اسمبلی کی گفتگو

7 اگست بروز جمعہ پورے بلوچستان میں قومی سطح پر ہڑتال کی جائے گی اور صوبے کی تمام اہم شاہراہیں بند رہیں گی

کوئٹہ (آن لائن) 7 اگست کو بلوچستان کی تمام شاہراہیں بند ہوں گی، عوام، ٹرانسپورٹرز اور تاجر برادری قومی ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔ مختلف علاقوں سے نوجوانوں کا جماعت اسلامی میں شمولیت خوش آئند ہے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے غیرت مند عوام، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، نوجوانوں اور (باقی صفحہ 3 نمبر1)

ہم شہید کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، سیدال خان ناصر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی رہائش جاکر فاتحہ خوانی و تعزیت کی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے مستونگ میں شہید ہونے والے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی رہائش پر جاکر ان کے صاحبزادے اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہید عبدالحکیم کاکڑ کو ان کی عدالتی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم شہید کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور مشکل کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندان کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کچھ وقت شہید کے اہل خانہ کے ساتھ گزارا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان (باقی صفحہ 3 نمبر2)

نجی ٹی وی کے رپورٹر صحافی مجیب خان اچکزئی کی والدہ کی وفات پر جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات حافظ عبدالغنی شہزاد نے سما نیوز کے رپورٹر مجیب خان اچکزئی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر34)

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی قومی جمہوری اور عوام دوست سیاسی تحریک ہے، نصر اللہ زیرے

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی زیر صدارت پارٹی ضلع کوئٹہ کی ضلعی کمیٹی کا اجلاس

آئین کی بالادستی کا قیام، وسائل پر عوام کے حق ملکیت کو یقینی بنانا اور ایک پرامن، بااختیار اور خوشحال معاشرے کی تشکیل ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی زیر صدارت پارٹی ضلع کوئٹہ کی ضلعی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید قادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی آفس سیکرٹری ندا سنگر، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز رحمت اللہ صابر، پروفیسر اسد ترین، علی محمد ترین، سلیمان بازئی اور دیگر ضلعی و تنظیمی ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں موجودہ سیاسی، تنظیمی، معاشی اور (باقی صفحہ 3 نمبر3)

کوئٹہ، پریس کلب میں نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے انٹراپارٹی الیکشن کے موقع پر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، اسلم بلوچ، ضلع کوئٹہ کے نومنتخب صدر حاجی عطاء محمد بنگلزئی، ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالصمد بلوچ نومنتخب کابینہ سے خطاب کررہے ہیں

اسپین کاریز کان حادثے کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، شمس کرد

متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ کوئلہ کانوں میں حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی ترجمان نے میر شمس کرد نے اسپین کاریز کان حادثے میں 34 مزدوروں کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں کوئلہ کانوں میں آئے روز پیش آنے والے حادثات انتہائی تشویشناک ہیں، جن کے باعث قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع معمول بنتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر4)

ایران میں تبدیلی سے مراد نظام کا خاتمہ نہیں، رویوں میں تبدیلی ہے، مارکو روبیو

واشنگٹن (یو این اے) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ایران میں حکومت کی تبدیلی سے مراد لازمی طور پر حکومت کا (باقی صفحہ 3 نمبر31)

بہتر رہنمائی فراہم کرنے میں طبی ماہرین کا کردار انتہائی اہم ہے، ڈاکٹر نسرین گل

تولیدی صحت اور زچہ وبچہ کی بہتر نگہداشت صحت مند اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے

لورالائی (خ ن) لورالائی، یکم اگست: ورلڈ پاپولیشن ڈے۔ محکمہ بہبود آبادی لورالائی کے زیر اہتمام میگا سیمینار، تولیدی صحت، خاندانی منصوبہ بندی اور ذمہ دار والدین کے شعور کو فروغ دینے پر زور ورلڈ پاپولیشن ڈے کے موقع پر سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی بلوچستان اور ڈائریکٹر جنرل کی ہدایات کے تحت، روز کنسلٹنگ (Consulting Riz) اور پی ایس آئی (PSI) کے (باقی صفحہ 3 نمبر5)

زیارت، لوڑی ٹاپ پر ٹریکٹر الٹ گیا، ایک شخص جاں بحق، متعدد زخمی

زیارت (یو این اے) زیارت کے معروف سیاحتی مقام لوڑی ٹاپ پر ٹریکٹر الٹنے کا افسوسناک حادثہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ متعدد (باقی صفحہ 3 نمبر30)

بولان میں تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے، حاجی نور محمد شاہوانی

کولپور کے مقام پر ٹرکوں کو بلا جواز روکنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی، بابو جان ریئسانی، لال قدیم، عبدالحق مینگل، محمد یونس پٹھان، روزی خان مندوخیل، ظاہر شاہ یوسفزئی، جعفر خان کاکڑ، سہیل خان اور محمد امین سالائی نے کولپور کے مقام پر ٹرکوں کو بلا جواز شام پانچ بجے روکنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر6)

مسلم باغ، نامعلوم مسلح راہزن اسلحہ کے زور پر قیمتی گاڑی اور کروڑوں روپے مالیت کے سولر پینل لوٹ کر فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) مسلم باغ کے علاقے میں نامعلوم مسلح راہزن اسلحے کے زور پر قیمتی گاڑی اور کروڑوں روپے مالیت کے سولر پینل لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز مسلم باغ کے علاقے تسی کے قریب 2 افراد اپنی شہزر (باقی صفحہ 3 نمبر29)

بلوچستان میں تعلیم کا فروغ ہماری پہلی ترجیح ہے، میروائس خلجی

جائز حقوق اور مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر متحرک کردار ادا کریں گے

تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے فوری طور پر کام شروع کیا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات میر نصیر خان نوری کلچرل ہال اکاڈمی روڈ میں الیکشن کمیشن کے ممبران حیات اللہ باروزئی، مہر علی، ایوب صابر کی نگرانی میں منعقد ہوئے اجلاس میں صوبے بھر سے ڈسٹرکٹ ہیڈز، کوئٹہ کے پرائیویٹ اسکولز کے ڈائریکٹرز اور پرنسپل نے شرکت کی۔ نتائج کے مطابق محمد نواز چندرانی صوبائی صدر، امان اللہ خان ترین صوبائی جنرل سیکرٹری، میرواِئس خان خلجی سینئر نائب صدر، سید احتشام الحق پریس سیکرٹری، عبدالوہاب کاکڑ فنانس سیکرٹری، محمد (باقی صفحہ 3 نمبر28)

اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری، بی این پی میاں غنڈی یونٹ کے سیکرٹری نذیر احمد رخشانی، سرگرم کارکن شبیر احمد رخشانی اور دیگر ساتھیوں نے سینئر صحافی وسماء ٹی وی کے (باقی صفحہ 3 نمبر27)

تمام بھرتیاں قانون، میرٹ اور سروس رولز کے مطابق کی جائیں، نسیم لانگو

مبینہ غیر قانونی تعیناتیوں کی فوری، غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں

خضدار (آن لائن) سابقہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر محمد نسیم لانگو نے موجودہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ ریکروٹمنٹ کمیٹی کی جانب سے مبینہ طور پر محکمہ صحت میں غیر قانونی بھرتیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بحیثیت سابقہ ڈی ایچ او اس ریکروٹمنٹ کمیٹی کے سیکرٹری بھی رہے ہیں، اور ان کے دستخط کے بغیر محکمہ صحت ضلع خضدار کی آسامیوں پر کی جانے والی کسی بھی تعیناتی کو قانونی اور شفاف قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کے دستخط کے بغیر (باقی صفحہ 3 نمبر26)

وائس چانسلر بیوٹمز پاکستان انجینئرنگ کونسل کی انجینئرنگ تعلیمی اصلاحات ٹاسک فورس کے مشیر نامزد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز نے ایک اور اہم قومی اعزاز اپنے نام کرلیا ہے۔ جامعہ کے وائس چانسلر، انجینئر پرو(باقی صفحہ 3 نمبر24)

کار سمیت اغواء ہونے والے ایچی سن کے طالب علم کو پولیس نے بلوچستان سے بازیاب کرالیا

رحیم یار خان (آن لائن) کار سمیت اغواء ہونے والے ایچی سن کے طالب علم کو پولیس نے بلوچستان سے بازیاب کرالیا' تین روز قبل بھونگ کا رہائشی ایچی سن کالج کا طالب علم ماجد اسلم اندھڑ جو کہ اپنی کار نمبری BXB165 پر رحیم آباد سے بھونگ آ رہا تھا کہ کار سمیت نامعلوم اغواء کاروں نے اغواء کرلیا تھا جس کے اغواء کا مقدمہ پولیس تھانہ بھونگ نے نامعلوم اغواء کاروں کے خلاف درج کیا تھا' جبکہ صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال نے نوجوان کے اغواء (باقی صفحہ 3 نمبر25)

کوئٹہ: آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات سے متعلق اجلاس میں حاجی محمد نواز چندرانی، الیکشن کمیشن کے ممبران حیات اللہ باروزئی، مہرعلی، ایوب صابر اور دیگر شریک ہیں۔

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام تنظیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں کوئٹہ کے مختلف یونٹوں کا دورہ کیا گیا

عوامی مسائل کے حل کیلئے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنا ہے، جے یو آئی ف

ایسے حکمرانوں نے نقصان پہنچایا ہے جو عوامی مینڈیٹ کے بجائے طاقت یا دیگر غیر جمہوری ذرائع سے اقتدار میں آتے رہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام تنظیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں کوئٹہ کے مختلف یونٹوں کا دورہ کیا گیا جن میں تحصیل کچلاک کلی رحیم گل درویش آباد بلیلی یونٹ، حلقہ طیرگ یونٹ، سمنگلی یونٹ، ریگی ناصران یونٹ، سید احمد شہید یونٹ پشتون باغ اور الجہاد یونٹ نورزئی چوک شامل ہیں۔ دوروں میں سینئر نائب امیر مولانا نور رشید احمد، سرپرست اعلیٰ مولانا مفتی محمد روزی خان، مولانا(باقی صفحہ 3 نمبر23)

میرے آباؤ اجداد نے عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے، میر جہانگیر

حالات کی خرابی اور پسماندگی کے ذمہ دار گئی دہائیوں سے لیکر آج تک جاگیردارانہ اور خاندانی نظام ہے

کوئٹہ (آن لائن) خالق آباد منگچر کے رہائشی میر جہانگیر لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالات کی خرابی اور پسماندگی کے ذمہ دار گئی دہائیوں سے لیکر آج تک جاگیردارانہ اور خاندانی نظام ہے۔ جس کی وجہ سے لوگوں کے مسائل کم ہونے کی بجائے بڑھ رہے ہیں۔ اگر مجھے ایک موقع دیا جائے تو عوام کی خدمت اور حالات کی بہتری میں اپنا موثر کردار ادا کروں گا۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ اس موقع پر عبدالستار اور سراج احمد موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران آئے روز پیش آنے والے واقعات پر صرف مذمتی (باقی صفحہ 3 نمبر8)

نوشکی میں ایل پی جی پلانٹ گیس اسٹاک ختم ہونے کے باعث گزشتہ ایک ہفتے سے بند

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں ایل پی جی پلانٹ گیس اسٹاک ختم ہونے کے باعث گزشتہ ایک ہفتہ سے بند پڑا ہے۔ پلانٹ کو ابھی تک گیس اسٹاک فراہم نہ ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور اخراجات میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ گیس (باقی صفحہ 3 نمبر10)

مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کا سورینج کان حادثے پر اظہار افسوس

سید عبدالقیوم آغا و دیگر کا لواحقین کے لیے خصوصی مالی پیکیج اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا، چیئرمین یاسین آغا، جنرل سیکرٹری حاجی محمد یوسف، نعمان کاکڑ، ترجمان کاشف حیدری، سیف الدین نثار، شکور لالا، صدیق یوسفزئی، احسان الدین خلجی، صادق آزاد، قسیم آغا، کلیم اللہ داوی، سید نسیم آغا، حاجی عثمان بادیزئی، غوث اللہ اچکزئی، شاہ جان کاکڑ، حبیب اللہ داوی، عطاء جان اچکزئی، حاجی عالم خان بڑیچ، منان ہاشمی، قیصر کاکڑ، ارباب جہانگیر، حاجی عبدالمالک ترین، گلزار خان خلجی، زمان ترین، سلطان خلجی ودیگر رہنماء نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے قریب سورینج (باقی صفحہ 3 نمبر39)

حلقہ ایل اے 40 کشمیر ولی کیلئے لورالائی میں قائم پولنگ پر ایک ووٹ بھی کاسٹ نہ ہوسکا

لورالائی (آن لائن) حلقہ ایل اے 40 کشمیر ولی کیلئے لورالائی میں قائم پولنگ پر ایک ووٹ بھی کاسٹ نہ ہوسکا لورالائی میں قائم پولنگ سٹیشن نمبر 46 کا ٹرن آوٹ صفر رہا ایل اے 40 کشمیر ولی کی پولنگ کیلئے بابو محلہ کے گرلز پرائمری سکول میں میں پولنگ کا عمل انتظام کیا گیا(باقی صفحہ 3 نمبر22)

کوئٹہ، خالق آباد کے قبائلی رہنما میر جہانگیر لانگو، سراج احمد، عبدالستار ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کے پی، 2 ماہ کے دوران سیکیورٹی فورسز کی انٹیلیجنس بیسڈ کارروائیاں، متعدد دہشتگرد ہلاک

اس دوران سیکیورٹی فورسز نے سہولت کاروں کو بھی پکڑا اور اسلحہ وگولہ بارود بھی برآمد کیا، سیکیورٹی ذرائع

پشاور (آن لائن) خیبرپختونخوا میں گزشتہ 2 ماہ کے دوران سیکیورٹی فورسز نے انٹیلیجنس بیسڈ کارروائیوں میں متعدد دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن 11 گرج کے دوران متعدد خوارج کو ہلاک اور ان کے ٹھکانے بھی تباہ کیے گئے۔ اس دوران سیکیورٹی فورسز نے سہولت کاروں کو بھی پکڑا اور اسلحہ وگولہ بارود بھی برآمد کیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق باجوڑ کے علاقے شاکرو میں سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، باجوڑ آپریشن کے دوران متعدد خوارج کے ہلاک اور زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ اس (باقی صفحہ 3 نمبر7)

گنداواہ پولیس پولیس کی کامیاب کارروائی، دکان پر ڈکیتی کا سراغ لگالیا، دو ملزمان گرفتار

جھل مگسی (آن لائن) گنداواہ پولیس نے گنداواہ شہر میں 29 جولائی کو نریش کمار کی دکان پر ہونے والی مسلح ڈکیتی کا کامیاب سراغ لگاتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ لوٹی گئی تمام رقم اور سامان بھی برآمد کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی جھل مگسی کی خصوصی ہدایات (باقی صفحہ 3 نمبر9)

بلوچی اکیڈمی کا انسٹھواں اجلاس، سالانہ کارکردگی، مالی اور ڈیجیٹلائزیشن پراجیکٹس کا جائزہ

این ایل پی ڈیجیٹلائزیشن، انسائیکلوپیڈیا، بچوں کیلئے علمی اور ادبی مواد کے پراجیکٹس کو تکمیل تک پہنچایا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچی اکیڈمی کا انسٹھواں جنرل باڈی اجلاس اتوار کے روز چیئرمین ہیبتان عمر کی صدارت میں بلوچی اکیڈمی کمپلیکس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچی اکیڈمی کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کے علاوہ مالی و انتظامی کارکردگی، کتابوں کی چھپائی اور بلوچی زبان کی ڈیجیٹلائزیشن پراجیکٹ سمیت دیگر امور پر بحث ومباحثہ کیا گیا۔ جنرل باڈی اجلاس میں ممبران نے بلوچی زبان وادب کی ترقی وترویج کے لیے تجاویز پیش کیے گئے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر40)

افغانستان میں طالبان رجیم کو اقتدار سنبھالنے کے تقریباً پانچ سال بعد سب سے منظم مسلح مزاحمت کا سامنا

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان رجیم کو اقتدار سنبھالنے کے تقریباً پانچ سال بعد سب سے منظم مسلح مزاحمت کا سامنا کرنا پڑ گیا ہے اور افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے باقاعدہ ان کے خلاف فوجی کارروائیوں کا آغاز کر دیا ہے اور جنرل سمیع سادات تقریبا(باقی صفحہ 3 نمبر20)

ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کی زیر صدارت باغ ہیڈ میں اہم اجلاس

ٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو ان کا جائز حق فراہم کرنا ہے، محمد رمضان پلال

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت تحصیل گنداخہ کے مقام باغ ہیڈ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایکسیئن ایریگیشن غلام محمد باد(باقی صفحہ 3 نمبر21)

7 اور 8 اگست کو کوئٹہ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی حمایت کا اعلان کرتے ہیں، حاجی دولت خان لہڑی

پاکستان کوچ ایسوسی ایشن کا 7 اور 8 اگست کو شٹر ڈاؤن ہڑتال کی حمایت کا اعلان

کسی بھی معاشرے میں اور حکومت کی بہتری کے لئے تاجر برادری ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان کوچ ایسوسی ایشن کے صدر معروف ٹرانسپورٹر میر حاجی دولت خان لہڑی نے انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کی جانب سے 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹر تاجروں کے ساتھ ہیں اور ان کے جائز حقوق کے حصول اور مسائل کے حل کیلئے حکومت اور متعلقہ حکام اپنا کردار ادا کریں۔ انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کی جانب سے (باقی صفحہ 3 نمبر17)

کوئٹہ: پریس کلب میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل کبیر محمد شہی، گلزار دشتی، یعقوب شاہوانی، فرید اللہ کی نگرانی میں نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے انٹراپارٹی الیکشن کے موقع پر حاجی عطاء محمد بنگلزئی، کامران بنگلزئی، آغا گل، نصیر شاہوانی اور دیگر ووٹ کاسٹ کررہے ہیں

سسٹم برباد کرانے میں انہی چہروں کا عمل دخل ہے، احمد خان

جنہوں نے اسٹیبلشمنٹ کے گود میں بیٹھ کر اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے کہا ہے کہ جمہوریت کے نام پر کرسی کے حصول کیلئے مختلف قسم کے حربے استعمال کئے جارہے ہیں اور چہرے تبدیل کرنے کی خواہش میں پورا نظام رول بیک کر چکا ہے اسی سازش نے ملک کے ہر ادارے کو تباہی وبربادی کے کنارے پر لاکھڑا کیا ہے بدقسمتی سے خارجہ وداخلہ پالیسی میکرز نے نہ صرف ہمیں ایک ا(باقی صفحہ 3 نمبر18)

حلقہ ایل اے 40 کشمیر ولی کیلئے لورالائی میں قائم پولنگ پر ایک ووٹ بھی کاسٹ نہ ہوسکا

لورالائی (آن لائن) حلقہ ایل اے 40 کشمیر ولی کیلئے لورالائی میں قائم پولنگ پر ایک ووٹ بھی کاسٹ نہ ہوسکا لورالائی (باقی صفحہ 3 نمبر16)

لورالائی شہر میں پینے کا پانی ناپید عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

لورالائی (آن لائن) لورالائی شہر میں پینے کا پانی ناپید عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے مین پائپ لائن جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار آفیسران تنخواہ لورالائی سے اور انتظامی امور کوئٹہ سے چلا رہے ہیں چیف سیکرٹری بلوچستان۔ سیکرٹری پبلک ہیلتھ۔ اور ڈپٹی کمشنر فوری طور پر آفیسران کو لورالائی حاضر کروائیں اور ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی کے شہریوں کو پانی فراہم کر(باقی صفحہ 3 نمبر19)

ٹرسٹ دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت عملی اقدامات کررہا ہے، عوامی حلقے

اوتھل (آن لائن) دیوی بائی خوشحال داس ڈیو آئی ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام، ٹرسٹ کے سربراہ ڈاکٹر تولارام لاسی کی جا(باقی صفحہ 3 نمبر15)

اسلام تمام زندگی کی تنظیم کی بات کرتا ہے، ڈاکٹر قاری عبدالرشید

خواہ تعلیم کا میدان ہو، معاشرت کا پہلو ہو یا پھر اقتصادیات کا پہلو ہو

رپورٹ کے مطابق ہر سال لاکھوں خواتین حمل کے دوران موت کا شکار ہو جاتی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرسۃ البنات بلوچستان و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے عالمی یوم بہبود آبادی کی مناسبت سے مقامی ہوٹل میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام نہ صرف خاندانی نظم کا قائل ہے بلکہ یہ تمام زندگی کی تنظیم کی بات کرتا ہے مثلاً آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی کوئی کام تنظیم اور منصوبہ بندی کے بغیر انجام نہیں دیا خواہ تعلیم (باقی صفحہ 3 نمبر11)

اینٹی کرپشن کی میونسپل کارپوریشن حب کے مالی و انتظامی امور کی جانچ، مکمل ریکارڈ طلب

حب (آن لائن) اینٹی کرپشن کی میونسپل کارپوریشن حب کے مالی و انتظامی امور کی جانچ، دو مالی سالوں کا مکمل ریکارڈ طلب اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے میونسپل کارپوریشن حب کے مالی و انتظامی معاملات کی جانچ کے سلسلے میں مالی سال 2024-25 اور (باقی صفحہ 3 نمبر12)

پانی کی عدم فراہمی کے خلاف پیپلز ریلوے ورکرز کا دھرنے کا اعلان

گزشتہ ایک ہفتہ سے ریلوے کالونی سبی کربلا بنا ہوا ہے، احمد نواز گشی

سبی (آن لائن) ریلوے کالونی سبی کو ایک ہفتہ سے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف پیپلز ریلوے ورکرز سبی زون نے 08 اگست کو AEN آفس سبی میں دھرنے کا اعلان کر دیا۔ پیپلز ریلوے ورکرز کے ڈویژنل چیئرمین حبیب اللہ بھٹو، جنرل سیکرٹری کامریڈ میر محمد مینگل سبی کے زونل صدر لشکر خان جمالی اور جنرل سیکرٹری احمد نواز گشی نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ ایک ہفتہ سے ریلوے کالونی سبی کربلا بنا ہوا ہے اور لوگ پانی کے بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ اور یہ پہلی بار نہیں ہوا گرمیوں میں ہر سال ریل انتظامیہ کی نااہلی کے باعث ریلوے کالونی (باقی صفحہ 3 نمبر13)

صحبت پور کے سینئر صحافی ساول جان نے دیپالپور کے سینئر صحافی مظہر عباس کو دلی مبارکباد

فرید آباد (آن لائن) صحبت پور کے سینئر صحافی ساول جان نے دیپالپور کے سینئر صحافی مظہر عباس کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ معروف سینئر صحافی وصدر پریس کلب دیپالپور مظہر عباس چوہدری کو ان کی طویل صحافتی، سماجی اور عوامی خدمات کے (باقی صفحہ 3 نمبر14)

کوئٹہ: جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کی صدارت اجلاس میں حافظ اللہ داد لونی کی بازیابی کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں صوبائی شیر سردار مسعود علی خان لونی، سردار خوشدل خان لونی، اتفاق گل، رہنما محمد اسلم خان ترین، ملک امیر محمد ترین، ملک غلام لونی، حاجی دلبر ناصر، حاجی پیر جان ناصر، ملک فیروز ناصر، ملک خان زمان لونی، میر نعمت اللہ لونی، وڈیرہ ولی محمد بلوچ، بابو امیر محمد، سیٹھ محمد لونی، یار محمد ترین سمیت مختلف اقوام کے معتبرین و شران اور علاقائی عمائدین شریک ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com